Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات، 18 جون 2026ء، 2 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 66

ترقیاتی منصوبے کاغذوں سے نکل کر زمین پر نظر آرہے ہیں عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت نے تیسرا سرپلس بجٹ پیش کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے، کسان ریلیف، سماجی شعبہ اور بنیادی سہولیات پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہیں

اپنی چھت اپنا گھر، ستھرا پنجاب، آسان کاروبار سمیت تمام بڑے فلاحی اور ترقیاتی منصوبے بھرپور انداز میں جاری رہیں گے

سیاسی شعبدہ بازی اور دھرنوں کی سیاست کے مقابلے میں عوامی خدمت کی سیاست کامیاب ہوئی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری

صوبائی سیکرٹریز 90 شاہراہ قائداعظم پر پوسٹ بجٹ 27-2026 پریس کانفرنس میں شریک ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے تیسرا سرپلس بجٹ پیش کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے، جو صوبے کی مالی نظم و ضبط، بہتر حکمتِ عملی اور مؤثر گورننس کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بجٹ میں تعلیم، صحت اور سماجی شعبے کو خصوصی ترجیح دی گئی ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔ پنجاب کا کسان اس (بقیہ نمبر 1)

حافظ نعیم الرحمٰن کا پٹرول کی قیمت میں بڑی کمی کا مطالبہ

حکومت پٹرول 225 روپے فی لیٹر کر کے اسے تین سال کے لیے منجمد کیا جائے

بجلی اور گیس کی قیمتیں بھی کم کی جائیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے لیے کل (بروز جمعہ 19 جون) کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ منصورہ سے جاری ویڈیو پیغام اور ایکس بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 4)

بجلی 82 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست جمع

مئی میں فی یونٹ بجلی پر اوسط فیول لاگت 9 روپے 25 پیسے رہی، فی یونٹ فیول لاگت کا تخمینہ 8 روپے 43 پیسے تھا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے لیے بجلی 82 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرا دی گئی۔ مئی کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواست نیپرا میں جمع کرائی گئی (بقیہ نمبر 7)

صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے سخت سیکیورٹی انتظامات

صوبہ بھر میں 30 ہزار سے زائد افسران و اہلکاروں نے جلوسوں و مجالس کے سیکیورٹی فرائض سرانجام دیئے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے کہا ہے کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ رہے گی اور محرم الحرام کے سلسلے میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات یقینی بنائے گئے، حکومت (بقیہ نمبر 6)

سی ٹی ڈی کارروائی، فائرنگ تبادلے میں 3 دہشتگرد ہلاک

صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ ترجیح ہے، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی کی کامیاب آپریشن پر جوانوں کی تعریف

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں سی ٹی ڈی نے خفیہ اطلاع پر کامیاب آپریشن کر کے 3 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں سے 3 کلاشنکوف سمیت دیگر اسلحہ برآمد ہوا ہے، فرار دہشت گردوں (بقیہ نمبر 5)

لاہور ہیمنز صوبائی وزیر مریم اورنگزیب وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن دیگر وزراء کے ہمراہ پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے پارلیمانی بورڈ کا اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے پارلیمانی بورڈ کا اہم اجلاس جاتی امراء میں منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی صدر نواز شریف نے کی۔ اجلاس (بقیہ نمبر 9)

ایک لاکھ ریٹیلرز کو پوائنٹ آف سیلز میں رجسٹر کرنے کا ہدف مقرر

ابھی تک پوائنٹ آف سیلز سے محض 37 ہزار ریٹیلرز رجسٹرڈ ہوئے، طریق کار تبدیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے دوران ایک لاکھ ریٹیلرز کو پوائنٹ آف سیلز سسٹم میں رجسٹر کرنے کا ہدف مقرر کر لیا۔ ایف بی آر حکام کے مطابق ابھی تک پوائنٹ آف سیلز سے محض 37 ہزار ریٹیلرز رجسٹرڈ ہوئے ہیں، پوائنٹ (بقیہ نمبر 8)

قرضوں کی واپسی، سکیورٹی صورتحال، قومی سٹریٹیجک منصوبوں کیلئے صوبوں نے وفاق کو گرانٹ دی، مریم اورنگزیب

پنجاب کی ترقی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا

ہر اس منصوبے جس کا تعلق عام آدمی سے ہے اسکے شیئر میں کسی طرح کی کٹوتی نہیں کی گئی، جو خلاء آیا ہے اسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں اور صوبے کے اپنے وسائل میں اضافہ کر کے پورا کریں گے

پنجاب میں ایف بی آر کی طرز کا ادارہ قائم کر رہے ہیں، تمام ٹیکسز ایک ہی چھت تلے وصول کئے جائیں گے، صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن

پنجاب میں بعض ٹیکسز ایسے ہیں جن میں تیس سالوں سے اضافہ نہیں کیا گیا تھا، پنجاب میں ٹیکسز کی شرح اب بھی دوسروں صوبوں سے کم ہے، پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وفاق مضبوط ہوگا تو اس کی اکائیاں بھی مضبوط ہو گئیں، پنجاب سمیت تمام صوبوں نے وسیع تر قومی مالیاتی و معاشی مشکلات، سکیورٹی صورتحال، قومی سٹریٹیجک اہمیت کے حامل منصوبوں اور قرضوں کی واپسی کے پیش نظر وفاقی حکومت کو گرانٹ دی ہے بلکہ اس میں مزید حصہ ڈالنا چاہیے تھا، پنجاب کی ترقی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا، ہر اس منصوبے جس کا تعلق عام آدمی سے ہے اس کے شیئر میں کسی طرح کی کٹوتی نہیں کی گئی، جو خلاء آیا ہے اسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں اور صوبے کے اپنے وسائل میں اضافہ کر کے پورا کریں گے، کوئی جنوبی پنجاب کا ٹھیکیدار نہ بنے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی (بقیہ نمبر 17)

محرم الحرام اختلاف اور تفرقہ نہیں تحمل و بردباری اپنائیں مریم نواز

محرم الحرام ہمیں نواسہ رسول سیدنا امام حسینؓ کی عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے، نیا اسلامی سال شروع ہونے پر پیغام

پنجاب میں محرم الحرام کے دوران امن و امان یقینی بنانے کیلئے غیر معمولی انتظامات اور سکیورٹی اقدامات کئے جا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپیل کی ہے کہ محرم الحرام میں اختلاف اور تفرقہ نہیں، تحمل و بردباری اپنائیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نئے ہجری سال کے آغاز پر اپنے پیغام میں کہا کہ دعا ہے کہ نیا اسلامی سال امن و سلامتی اور سکون کا پیغام لائے، نیا ہجری سال امت مسلمہ کے لئے وحدت و اتحاد کا پیغام ہو اور پاکستان کے لئے امن و ترقی کا سال ہو۔ (بقیہ نمبر 10)

عوامی وسائل پر مؤثر نگرانی مضبوط جمہوریت کی ضمانت ہے، ملک محمد احمد خاں

باخبر اور مؤثر قانون سازی کے لیے بجٹ دستاویزات کا درست فہم ناگزیر ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

تعمیری بحث، شفاف احتساب اور مؤثر پارلیمانی نگرانی کے ذریعے عوامی مفاد کا تحفظ یقینی بنایا جا سکتا ہے

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ عوامی وسائل پر مؤثر نگرانی مضبوط جمہوریت کی ضمانت ہے جبکہ باخبر اور مؤثر قانون سازی کے لیے بجٹ دستاویزات کا درست فہم ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں بجٹ سے متعلق مؤثر قانون سازی، مالیاتی نظم و نسق اور عوامی وسائل پر مؤثر نگرانی کو فروغ دینے کے لیے منعقدہ اراکینِ اسمبلی کی (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین، اندرون لاہور میں واگزار کی گئی اراضی کے مالکان میں چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب کے مجموعی قرضوں میں اضافہ، حجم 1760 ارب تک پہنچ گیا

صوبے کے ذمے قرضوں کا حجم پنجاب کی مجموعی جی ڈی پی کے مقابلے میں 2.5 فیصد ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے ذمے قرضوں کے مجموعی حجم میں 3 ارب روپے اضافہ ہوا ہے جس سے مجموعی قرضوں کا حجم 1757 ارب روپے سے بڑھ (بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان سے چائنیز قونصلیٹ جنرل سن یان ملاقات کر رہے ہیں

الٹرا پروسیسڈ مصنوعات پر جی ایس ٹی عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم

اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ غیر میٹھی دودھ، لسی اور آٹے جیسی صحت بخش غذائی اشیاء پر ٹیکس عائد نہیں کیا جانا چاہیے

الٹرا پروسیسڈ مصنوعات میں عموماً اضافی چینی، غیر صحت بخش چکنائیاں اور نمک زیادہ مقدار میں موجود ہوتے ہیں

غیر صحت بخش جوس اور مشروبات کی مصنوعات کے لیے ٹیکس میں رعایت حاصل کرنے کی کوششوں سے ہوشیار

اسلام آباد (این ای این) سول سوسائٹی کی تنظیموں، طبی انجمنوں اور مریضوں کی نمائندہ تنظیموں نے بجٹ کے بعد منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں متعدد الٹرا پروسیسڈ فوڈ مصنوعات کو سیلز ٹیکس کے تھرڈ شیڈول میں شامل کرنے اور ان پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ تاہم انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ غیر میٹھی دودھ، لسی اور آٹے جیسی صحت بخش غذائی اشیاء (بقیہ نمبر 2)

سول سوسائٹی کی تنظیموں، طبی انجمنوں اور مریضوں کی نمائندہ تنظیموں کے ارکان بجٹ کے بعد منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

میانوالی سے تعلق رکھنے والے چار افراد خانیوال میں قتل

میانوالی (این این آئی) میانوالی سے تعلق رکھنے والے چار افراد خانیوال میں قتل۔ واقعات کے مطابق میانوالی کے علاقہ کرمشانی کے رہائشی اسماعیل ولد ممتاز خان وتہ خیل، مجید خان، ذکا اللہ مہار، اور ہدایت اللہ ولد سلطان شامل ہیں، ذرائع کے مطابق مزکورہ مقتولین کچھ عرصہ سے کچھ کہوہ چک (خانیوال) میں مقیم تھے، وہ نیازی چوک خانیوال میں فائرنگ (بقیہ نمبر 18)

سرگودھا پولیس نے لاپتہ خاتون کو 9 بچوں سمیت برآمد کر لیا

خاتون اور بچوں کو قانونی کارروائی مکمل کر کے بعد عدالت کے روبرو پیش کیا جائے گا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے لاپتہ خاتون کو 9 بچوں سمیت برآمد کر لیا اور قانونی کارروائی میں مصروف ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ شہر میں خاتون اپنے 9 بچوں سمیت لاپتہ ہو گئی جس کی اطلاع پر تھانہ سٹی پولیس نے (بقیہ نمبر 25)

فواد چوہدری کو خاتون پولیس اہلکاروں پر تبصرہ مہنگا پڑ گیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری خواتین پولیس اہلکاروں پر تبصرہ کرنے پر شدید تنقید کی زد میں آ گئے۔ فواد چوہدری نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ خواتین پولیس آفیسر بننے کا انتخاب کیوں کر رہی ہیں؟ ان میں سے اکثر بطور پولیس آفیسر بالکل بے کار ہیں (بقیہ نمبر 11)

جہانگیر خان ترین جدید تعلیم کے فروغ کے لئے گورنمنٹ گریجویٹ کالج لسن آباد میں جدید کمپیوٹر لیب کا افتتاح کر رہے ہیں

والدین بچے کے نان نفقہ وراثتی حقوق ختم نہیں کر سکتے، ہائیکورٹ لاہور

نابالغ بچوں کے حقوق والدین کے ذاتی تنازعات کا حصہ نہیں بن سکتے، پانچ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ

فریقین کے درمیان ہونے والے سمجھوتے میں ماں نے نابالغ بچی کے نان نفقہ اور وراثتی حقوق سے دستبرداری اختیار کی تھی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نابالغ بچوں کے حقوق سے متعلق اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ والدین کسی بھی سمجھوتے کے ذریعے بچے کے نان نفقہ اور وراثتی حقوق ختم نہیں کر سکتے۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے محمد ولید ارشد کی درخواست پر پانچ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ درخواست گزار نے فریقین کے درمیان سمجھوتہ طے پانے کے بعد درخواست واپس لینے کی استدعا کی (بقیہ نمبر 12)

پاکستان کی بھارت طیاروں پر فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت طیاروں پر فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع کر دی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق پاکستان نے بھارتی رجسٹرڈ طیاروں پر فضائی پابندی 24 جولائی کی صبح تک بڑھا دی ہے۔ پی اے (بقیہ نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا مری بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور وکلاء برادری کے ہمراہ گروپ فوٹو

گٹر میں گر کر جاں بحق ہونیوالے پانچ سالہ حسن عامر کی نماز جنازہ ادا

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ تحصیل کے علاقے مراکہ میں گٹر میں گر کر جاں بحق ہونیوالے پانچ سالہ حسن عامر کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، پولیس کی جانب سے والد عامر جمیل کی مدعیت میں متعلقہ انتظامیہ نجی ہاؤسنگ سوسائٹی مراکہ، اے اینڈ (بقیہ نمبر 14)

حق مہر بیوی کا بنیادی قانونی حق، شوہر پر ادائیگی لازم ہے

حق مہر کی مکمل ادائیگی تک بیوی کو شوہر سے علیحدہ رہنے کا اختیار حاصل ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے حق مہر کی ادائیگی سے متعلق اہم میں نیا قانونی نکتہ طے کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ حق مہر بیوی کا بنیادی قانونی حق ہے جس کی ادائیگی شوہر پر لازم ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں واضح کیا کہ حق مہر کی مکمل ادائیگی تک بیوی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ شوہر سے علیحدہ رہ سکتی ہے، نکاح کے بعد شوہر پر بیوی کی (بقیہ نمبر 15)

مری بار ایسوسی ایشن کے وفد کی ڈپٹی کمشنر مری سے ملاقات

بار اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان باہمی تعاون، وکلاء برادری کو درپیش مسائل، اور مری میں عدالتی و قانونی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

مری بار ایسوسی ایشن کی عمارت کی تعمیر اور انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے 3 کروڑ روپے مالیت کا چیک بار نمائندگان کے حوالے کیا

ضلعی انتظامیہ بار اور بنچ کے درمیان بہتر رابطے اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، ڈپٹی کمشنر مری

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری، آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور وکلاء برادری سے ملاقات کی۔ اس موقع پر کوآرڈینیٹر برائے سینئر منسٹر پنجاب، حسن اورنگزیب بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بار اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان باہمی تعاون، وکلاء برادری کو درپیش مسائل، اور مری میں عدالتی و قانونی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر مری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر منسٹر پنجاب مریم اورنگزیب کی جانب سے مری بار ایسوسی ایشن کی عمارت کی تعمیر اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے 3 کروڑ روپے مالیت کا چیک مری بار ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو دے رہے ہیں

متحدہ عرب امارات میں منشیات فروشی کا بڑا منصوبہ ناکام

پاکستانی اور بھارتی شہریوں سمیت 24 افراد کو گرفتار کر لیا گیا

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں حکام نے منشیات فروشی کا بڑا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 24 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا۔ امراتی حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں 10 پاکستانی اور 8 بھارتی شہریوں سمیت دیگر ممالک کے شہری بھی شامل ہیں جبکہ مرکزی (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، محرم الحرام کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی

امام بارگاہوں اور جلوسوں کے راستے سیف سٹی کیمروں سے منسلک

راولپنڈی (این ای این) محرم الحرام کے پرامن اور منظم انعقاد کے لیے ضلعی انتظامیہ نے تمام تیاریاں مکمل کر لیں۔ اس سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راولپنڈی، محترمہ ملیحہ سحر کی قیادت میں محرم الحرام کے جلوسوں کے لائسنس ہولڈرز کا ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران سکیورٹی، صفائی ستھرائی، اور لائسنس ہولڈرز کو دی جانے (بقیہ نمبر 20)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راولپنڈی ملیحہ سحر محرم الحرام کے جلوسوں کے لائسنس ہولڈرز کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لیسکو نے بجلی کے بلوں پر عائد ٹیکس اور چارجز کو شائع کرنا بند کر دیا

ٹیکسز کی تفصیلات کو دیکھنے کیلئے صارفین کو کیو آر کوڈ سکین کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے بجلی کے بلوں پر عائد ٹیکس اور چارجز کو شائع کرنا بند کر دیا۔ ٹیکسز کی تفصیلات کو دیکھنے کیلئے صارفین کو کیو آر کوڈ سکین کرنا ہوگا۔ بجلی کے بل کے ڈیزائن کو تبدیل کر کے ٹیکسز کی تفصیلات چھپا دی گئیں، بجلی کے بلوں پر فیول پرائس، کوارٹر ٹیرف، ایکسٹرا سمیت دیگر چارجز کو چھپا دیا گیا۔ تمام ٹیکسز کی (بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ میں مقدمات کی سماعت کیلئے ترمیمی جج روسٹر جاری

چیف جسٹس 18 سے 20 جون تک راولپنڈی بنچ میں سماعت کریں گی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں مقدمات کی سماعت کے لیے ترمیمی جج روسٹر جاری کر دیا گیا۔ جاری روسٹر کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم 18 سے 20 جون تک راولپنڈی بنچ میں سماعت اور انتظامی امور سرانجام دیں گی، اسی طرح سینئر ترین جج عابد عزیز شیخ 18 اور 19 جون کو راولپنڈی بنچ میں سماعت (بقیہ نمبر 22)

محرم الحرام دفعہ 144 نافذ 7 قسم کی پابندیاں عائد

صرف منظور شدہ جلوسوں اور مجالس کی اجازت ہوگی، کسی نئی روایت یا سرگرمی کی اجازت نہیں دی جائے گی

دفعہ 144 کے تحت مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیاروں اور آتش گیر مواد کی نمائش پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے اور سکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق یکم سے 10 محرم الحرام، بمطابق 17 جون تا 26 جون، صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ العمل رہے گی، جس کے تحت 7 مختلف قسم کی پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محرم الحرام (بقیہ نمبر 26)

وفاقی بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیح دی گئی، ارم حامد حمید

ملک بھر میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ کی خاتون رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیئے گئے وفاقی بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیح دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے مسلم لیگ (بقیہ نمبر 28)

گلگت بلتستان الیکشن، دیامر کے 3 حلقوں کے حتمی سرکاری نتائج کا اعلان

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات میں دیامر کے 3 حلقوں کے حتمی سرکاری نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ ریٹرننگ افسر کے مطابق (بقیہ نمبر 27)

گرین انکلیو I- کے معزز الاٹیز کے ایک وفد کی ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی، کیپٹن (ر) ظفر اقبال صاحب سے ملاقات

منصوبے کی جلد تکمیل کے عزم کا اعادہ

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اپنے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری ترقیاتی کاموں کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

معزز الاٹیز کو یقین دلایا گیا کہ آئندہ دو ماہ کے دوران منصوبے کے حوالے سے اہم پیش رفت اور خوش آئند پیش رفت کی توقع ہے

اسلام آباد (این ای این) گرین انکلیو I- کے معزز الاٹیز کے ایک وفد نے ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی، کیپٹن (ر) ظفر اقبال صاحب سے ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوئی جس میں گرین انکلیو I- سے متعلق مختلف امور، ترقیاتی سرگرمیوں اور الاٹیز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل FGEHA نے وفد کے تمام تحفظات اور تجاویز نہایت توجہ اور سنجیدگی سے سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ الاٹیز کے جائز (بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا محرم الحرام 2026ء کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
ABC عوام کی بے ساختہ للکار
NEWSPAPER WUOF

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب کا بجٹ

حکومتِ پنجاب نے مالی سال 27-2026ء کیلئے 5903 ارب روپے کا بجٹ پیش کر دیا ہے۔ بظاہر یہ بجٹ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں حجم میں 10.7 فیصد بڑا ہے اور حکومت اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر پیش کر رہی ہے۔ لیکن کسی بھی بجٹ کا سب سے اہم پیمانہ یہ ہوتا ہے کہ وہ انسانی ترقی کے شعبوں کو کتنی ترجیح دیتا ہے۔ تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہوتے ہیں مگر پنجاب کے نئے میزانیے کی تفصیلات دیکھنے سے یہ حیران کن انکشاف ہوتا ہے کہ بنیادی اہمیت کے حامل یہ دونوں شعبے حکومتی ترجیحات میں بہت پیچھے رہ گئے۔ حکومتِ پنجاب نے آئندہ مالی سال میں شعبہ تعلیم کیلئے 750 ارب روپے تجویز کیے ہیں جبکہ رواں مالی سال کے بجٹ میں یہ رقم تقریباً 812 ارب روپے تھی۔ جبکہ صحت کیلئے 500 ارب 62 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جو رواں مالی سال کے مقابلے میں تقریباً 130 ارب کم ہیں۔ تعلیم اور صحت کے بجٹ میں کمی' جبکہ یہ دونوں شعبے زبوں حالی کا شکار ہیں' حکومتی ترجیحات پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اسی طرح زراعت بھی بجٹ میں وہ اہمیت حاصل نہیں کر سکی جس کی توقع کی جا رہی تھی۔

بجٹ میں زراعت' لائیوسٹاک اور ایری گیشن یعنی تین شعبوں کیلئے مجموعی طور پر 132 ارب 54 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ کسان مہنگی کھاد' مہنگے بیج' بجلی کے بڑھتے نرخوں' پانی کی کمی اور ناقص مارکیٹنگ نظام کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہے لیکن بجٹ میں کسانوں کی آمدنی میں اضافے کیلئے کوئی بڑی اور انقلابی حکمت عملی نظر نہیں آتی۔ دوسری جانب بجٹ میں کئی مثبت پہلو بھی ہیں جیسے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں سات اور پنشنرز کیلئے ساڑھے تین فیصد اضافہ۔ صاف پانی اور نکاسی آب کیلئے 507 ارب روپے کی خطیر رقم تجویز۔ اسی طرح امن وامان کیلئے 252 ارب روپے تجویز کیے گئے ہیں' یہ خطیر رقم ظاہر کرتی ہے کہ حکومت اس شعبے کو اہمیت دے رہی ہے۔ پولیس انفراسٹرکچر' کرائم سین یونٹس اور جدید نظام تفتیش پر سرمایہ کاری یقیناً ضروری ہے تاہم امن وامان کی صورتحال صرف پولیسنگ سے بہتر نہیں ہو سکتی بلکہ اس کیلئے تعلیم' روزگار اور سماجی انصاف بھی ناگزیر عناصر ہیں۔ بجٹ کا ایک حیران کن پہلو ترقیاتی فنڈ میں نمایاں کٹوتی ہے۔ رواں مالی سال کیلئے ترقیاتی فنڈ تقریباً 1240 ارب روپے تھا جسے کم کر کے 752 ارب روپے کر دیا گیا ہے۔

ترقیاتی بجٹ میں نمایاں کمی کا مطلب یہ ہے کہ بنیادی ڈھانچے' نئی سڑکوں' آبی منصوبوں' شہری سہولتوں' صنعتی زونز اور سماجی ترقی کے متعدد منصوبے سست روی کا شکار ہو جائیں گے۔ لہٰذا یہ حکومتی ترجیحات کا بڑا امتحان ہوگا کہ وہ ترقیاتی منصوبوں میں موزوں ترین پراجیکٹس کو اہمیت دے۔ بجٹ کی مجموعی تصویر یہی بتاتی ہے کہ حکومت نے پائیدار انسانی ترقی' زرعی بحالی اور بنیادی عوامی خدمات کے مقابلے میں وقتی اقدامات کو زیادہ اہمیت دی ہے۔ اگر سکولوں' ہسپتالوں' کھیتوں اور روزگار کے مواقع کیلئے وسائل کم ہوتے جائیں اور مہنگائی تسلسل سے بڑھتی رہے تو بجٹ عوام کیلئے محض اعداد وشمار کا الجھاؤ بن کر رہ جاتا ہے۔

مسئلہ کشمیر کا حل ماہ نور کے قلم سے

مجھ سے اگر پوچھا جائے کہ مسئلہ ؟ کشمیر کا حل کیا ہے؟ تو میں بس اتنا کہوں گی۔ بعض لوگ اسے سیاست کے زاویے سے دیکھتے ہیں، بعض تاریخ کے آئینے میں، بعض جغرافیہ کی سرحدوں میں اور بعض طاقت کے ترازو میں تولتے ہیں؛ مگر یہی سوال اگر میرے قلم سے پوچھا جائے تو میرا جواب شاید بہت سادہ ہو، اتنا سادہ کہ بعض لوگوں کو ناقابلِ یقین لگے۔

میری نظر میں مسئلہ ؟ کشمیر کا سب سے بڑا مسئلہ کشمیر نہیں، انسان ہے۔ یہ بات میں صرف کشمیر کے لیے نہیں کہتی، پاکستان، ہندوستان، افغانستان اور دنیا کے ہر اس خطے کے لیے کہتی ہوں جہاں نفرت نے محبت کی جگہ لے لی ہو، جہاں لوگ ایک دوسرے کو سننے کے بجائے ایک دوسرے پر فیصلہ سنانے لگے ہوں، جہاں اختلاف رائے کو دشمنی سمجھ لیا گیا ہو اور جہاں انسانیت قومیت، زبان، نسل اور سیاست کے شور میں کہیں گم ہو گئی ہو۔

ایک دن کسی نے کہا: "کشمیر والے غدار ہیں۔" کسی اور نے کہا: "پاکستان نے بہت قربانیاں دی ہیں۔" کسی نے افغانستان کا ذکر کیا، کسی نے ہندوستان کا۔

میں خاموش ہو کر سوچنے لگی کہ آخر ہم کب یہ سمجھیں گے کہ چند افراد کے اعمال پوری قوم کا تعارف نہیں ہوتے؟

اگر چند برے لوگ کسی معاشرے میں موجود ہیں تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ پوری قوم بری ہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر دنیا میں کوئی بھی ملک اچھا نہیں۔ ہر ملک میں اچھے لوگ بھی ہیں اور برے لوگ بھی۔ ہر شہر میں نیک دل بھی بستے ہیں اور غلط سوچ رکھنے والے بھی۔ انسان کو قوموں کے نام پر نہیں، کردار کے نام پر پرکھنا چاہیے۔ میں نے جب تاریخ کے اوراق پلٹے تو ایک حقیقت بار بار سامنے آئی کہ جنگوں نے کبھی مستقل امن پیدا نہیں کیا۔ جنگیں صرف قبریں بڑھاتی ہیں۔ جنگ ختم ہونے کے بعد بھی مائیں اپنے بیٹوں کو ڈھونڈتی رہتی ہیں، بچے اپنے باپ کو یاد کرتے رہتے ہیں، بہنیں دروازوں کی طرف دیکھتی رہتی ہیں اور بیوائیں اپنی ادھوری زندگی کا بوجھ اٹھاتی رہتی ہیں۔ جنگ میں صرف فوجی نہیں مرتے، خواب بھی مر جاتے ہیں۔ صرف جسم نہیں گرتے، خاندان بھی بکھر جاتے ہیں۔ صرف عمارتیں نہیں ٹوٹتیں، نسلوں کا اعتماد بھی ٹوٹ جاتا ہے۔

اسی لیے جب میں مسئلہ کشمیر کے حل کے بارے میں سوچتی ہوں تو مجھے نقشے، سرحدیں اور سیاسی نعرے نہیں دکھائی دیتے، مجھے انسان دکھائی دیتے ہیں۔

وہ انسان جو امن چاہتے ہیں۔ وہ انسان جو اپنے بچوں کے لیے بہتر مستقبل چاہتے ہیں۔ وہ انسان جو سکون سے جینا چاہتے ہیں۔ وہ انسان جو ہر صبح خوف کے بغیر جاگنا چاہتے ہیں۔

میرا ماننا ہے کہ مسئلہ ؟ کشمیر کا حقیقی حل صرف مذاکرات، انصاف، احترام اور انسانی ہمدردی کے راستے سے نکل سکتا ہے۔ نفرت کبھی کسی مسئلے کا حل نہیں بنی۔ نفرت اگر مسائل حل کر سکتی تو دنیا اب تک جنت بن چکی ہوتی۔

قرآنِ کریم ہمیں اخوت اور صلح کا درس دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"بے شک مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں، لہٰذا اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروایا کرو۔"

(سورۃ الحجرات:10)

یہ آیت صرف مسجدوں میں سنانے کے لیے نہیں، زندگی میں اپنانے کے لیے بھی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ ہم نے مسئلوں کو حل کرنے سے زیادہ ایک دوسرے کو غلط ثابت کرنے میں وقت ضائع کیا ہے۔ ہم نے پل بنانے کے بجائے دیواریں بنائیں۔ ہم نے سننے کے بجائے بولنا سیکھا۔ ہم نے سمجھنے کے بجائے فیصلہ کرنا سیکھ لیا۔ حالانکہ دنیا کا ہر بڑا مسئلہ اسی دن حل ہونا شروع ہو جاتا ہے جب لوگ ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے کے بجائے انسان سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔ کشمیر کا مسئلہ ہو، پاکستان کے مسائل ہوں یا دنیا کے کسی اور خطے کے زخم، ان کا مستقل حل صرف ایک چیز ہے: انسانیت۔

وہ انسانیت جو یہ سکھاتی ہے کہ اختلاف کے باوجود احترام باقی رہنا چاہیے۔ وہ انسانیت جو یہ سکھاتی ہے کہ حق مانگتے ہوئے بھی اخلاق نہیں چھوڑنا چاہیے۔

وہ انسانیت جو یہ سکھاتی ہے کہ مخالف رائے رکھنے والا شخص ضروری نہیں کہ دشمن بھی ہو۔

آپ اگر مجھ سے پوچھیں کہ کشمیر کو آج کیا چاہیے تو میں کہوں گی: کشمیر کو نفرت سے زیادہ محبت چاہیے۔ شور سے زیادہ حکمت چاہیے۔ تقسیم سے زیادہ اتحاد چاہیے اور سب سے بڑھ کر ایسے لوگ چاہیے جو آگ کو ہوا دینے کے بجائے چراغ جلانا جانتے ہوں۔ میرا جواب شاید سیاسی نہ ہو، شاید سفارتی نہ ہو، شاید بعض لوگوں کو بہت سادہ لگے؛ مگر میں دل سے سمجھتی ہوں کہ جب تک انسان ایک دوسرے کے لیے محبت، احترام اور خیر خواہی نہیں سیکھے گا، تب تک کوئی بھی مسئلہ مکمل طور پر حل نہیں ہو سکے گا؛ کیوں کہ سرحدوں کے فیصلے میزوں پر ہوتے ہیں، مگر قوموں کا مستقبل دلوں میں طے ہوتا ہے۔

ماہ نور کنول کہتی ہے: کشمیر کا راستہ بندوق سے نہیں، دل سے گزرتا ہے اور دلوں تک پہنچنے والی واحد زبان محبت ہے۔

کشمیر!

تمہارا نام آتے ہی

ماہ نور کنول کا قلم احترام سے جھک جاتا ہے۔

مقبوضہ کشمیر: 5 برس میں 249 کشمیری دوران حراست جعلی مقابلوں میں شہید



خصوصی رپورٹ: عنبیہ لطیف

سری نگر: بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے 2021 سے 2025 تک 249 افراد کو دوران حراست اور اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا ہے۔ یہ اعداد وشمار بھارتی حکومت کی طرف سے فراہم کردہ اعداد وشمار کے بالکل برعکس ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ جموں وکشمیر میں اپریل 2021 سے اب تک صرف آٹھ افراد دوران حراست مارے جا چکے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی وزیر مملکت برائے امور داخلہ، نتیا نند رائے نے 24 مارچ 2026 کو پارلیمنٹ کے ایوان زیرین لوک سبھا کو مطلع کیا کہ جموں وکشمیر میں اپریل 2021 سے اب تک صرف آٹھ حراستی اموات کی اطلاع ملی ہے۔ وزیر کا کہنا تھا کہ بھارت کے نیشنل ہیومن رائٹس کمیشن (این ایچ آر سی) کے اعداد وشمار 2021-22، 2022-23، 2023-24، اور 2024-25 میں ہر سال دو حراستی اموات کو ظاہر کرتے ہیں، 15 مارچ 2025 تک کسی حراستی موت کی اطلاع نہیں دی گئی۔ تاہم ''کے ایم ایس'' کی رپورٹ ان اعداد وشمار سے یکسر مختلف ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ بھارتی ''این ایچ آر سی'' مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور بھارتی فورسز کے تشدد کی کارروائیوں کو چھپا رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ میں کہا گیا کہ 2021 میں 65، 2022 میں 59، 2023 میں 41، 2024 میں 50، 2025 میں 34 کشمیریوں کو دوران حراست اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اعداد وشمار واضح پتہ دیتے ہیں کہ بھارت کشمیریوں کو آزادی کے مطالبے کی پاداش میں کس قدر بے رحمی سے نشانہ بنا رہا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ خواتین سمیت 5 ہزار سے زائد کشمیری اس وقت مقبوضہ جموں وکشمیر اور بھارتی جیلوں میں قید ہیں۔ ان میں سے تقریباً 32 سو کو آزادی پسند سرگرمیوں سے متعلق الزامات کا سامنا ہے۔ بیشتر کشمیری ''پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) اور یو اے پی اے'' جیسے کالے قوانین کے تحت بند ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی فورسز اہلکاروں کو کالے قانون آرمڈ فورسز سپیشل پاورز ایکٹ کے تحت بے لگام اختیارات حاصل ہیں اور انہیں مقبوضہ علاقے میں انسانیت کے خلاف سنگین جرائم پر کسی قسم کی جوابدہی کے عمل سے مکمل استثنیٰ حاصل ہے۔

ندائے کشمیر

کیا ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کا نعرہ واقعی دفن ہو رہا ہے؟

ہم نے آنکھ کھولی تو ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کا نعرہ سنا۔ سکول گئے تو سب سے پہلے یہی نعرہ سکھایا گیا، جلسوں میں یہی آوازیں بلند ہوئیں، گاؤں میں جب بھی کوئی سیاسی رہنما آتا تو پاکستان زندہ باد اور کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے گونجتے۔ ایک پوری نسل نے اسی ماحول میں پرورش پائی۔ ہمیں یہی بتایا گیا کہ کشمیر کا مستقبل صرف پاکستان ہے، مگر افسوس یہ ہے کہ ہمیں اپنی ریاست جموں وکشمیر کی مکمل تاریخ، تہذیب، ثقافت اور سیاسی حقیقتوں سے شاید اتنا روشناس نہیں ہونے دیا گیا جتنا ہونا چاہیے تھا۔

ریاست جموں وکشمیر کی تاریخ پر لکھنے والے کئی مصنفین اور دانشوروں کی تحریریں عام لوگوں تک کم پہنچ سکیں۔ ایک مخصوص بیانیہ مسلسل غالب رہا اور کشمیریوں کی ذہن سازی بھی اسی رخ پر ہوتی رہی۔ لیکن وقت بدل گیا۔ سوشل میڈیا نے معلومات کے دروازے کھول دیے۔ اب ایک نوجوان اپنے موبائل فون میں دنیا دیکھ رہا ہے، سوال کر رہا ہے، اپنی تاریخ کھوج رہا ہے، اور اپنے مستقبل کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ یہ حقیقت بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ آزاد کشمیر کے لوگوں کے دلوں میں پاکستان اور پاکستانی عوام کے لیے بے پناہ محبت، عقیدت اور اپنائیت رہی ہے۔ اس خطے کے لوگوں نے ہمیشہ پاکستان کو اپنا سمجھا، یہاں تک کہ مقبوضہ کشمیر میں بھی بہت سے کشمیریوں نے اپنے شہداء کو پاکستانی جھنڈوں میں دفن کیا۔ کشمیری یہ امید رکھتے تھے کہ پاکستان ان کے سیاسی مستقبل، حقوق اور آزادی کے مسئلے پر ان کے ساتھ کھڑا ہوگا۔

لیکن وقت کے ساتھ ساتھ سوالات نے جنم لینا شروع کیا۔ ایک چھوٹا سا خطہ ہونے کے باوجود آزاد کشمیر میں بنیادی سہولیات کی صورتحال کیوں بہتر نہ ہو سکی؟ کیوں بہترین ہسپتال، جدید انفراسٹرکچر، مضبوط تعلیمی نظام اور سیاحت کے بڑے منصوبے وجود میں نہ آ سکے؟ آخر دہائیوں سے اقتدار میں رہنے والے نمائندے عوام کو کیا دے سکے؟ یہ سوال خاص طور پر نوجوان نسل میں شدت سے اٹھنے لگے۔

جب سوشل میڈیا آیا تو نوجوانوں نے خود اپنے علاقوں کو دنیا کے سامنے متعارف کروایا، سیاحت کو فروغ دیا، خوبصورت وادیوں کو ایکسپلور کیا اور لوگوں کو آزاد کشمیر آنے کی ترغیب دی۔ حالانکہ یہ کام حکومتوں کا تھا کہ وہ بہت پہلے اس خطے کو ترقی، سیاحت اور روزگار کا مرکز بناتیں۔

اسی مایوسی اور بڑھتے عوامی مسائل کے درمیان تقریباً تین سال قبل جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی سامنے آئی۔ ابتدا میں اس پلیٹ فارم کو عام کاروباری افراد، تاجروں اور شہریوں کی آواز سمجھا گیا، جو مہنگی بجلی، ٹیکسوں، مہنگائی اور بنیادی مسائل پر بات کر رہے تھے۔ رفتہ رفتہ لوگ ان کے ساتھ جڑتے گئے کیونکہ عوام کو محسوس ہوا کہ شاید کوئی تو ہے جو ان کے دکھ، ان کے مسائل اور ان کے بنیادی حقوق کی بات کر رہا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ایکشن کمیٹی اور حکومتی نمائندوں کے درمیان مختلف اوقات میں مذاکرات اور معاہدے ہوئے۔ بتایا گیا کہ مہاجرین جموں کشمیر کی نشستوں سمیت مختلف معاملات پر فریم ورک تیار ہوگا، چارٹر آف ڈیمانڈ کے نکات پر عملدرآمد ہوگا، اور عوامی مسائل حل کیے جائیں گے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اگر معاہدے ہو چکے تھے تو ان پر عملدرآمد کیوں نہ ہوا؟ اگر عوامی نمائندے اور ذمہ داران مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ تھے تو وعدے کاغذوں تک محدود کیوں رہے؟ یہی وہ سوالات ہیں جنہوں نے عوامی بے چینی کو مزید بڑھایا۔

پھر 9 جون کے احتجاج اور لانگ مارچ کی کال سامنے آئی۔ لیکن ایک بڑا سوال یہ بھی اٹھتا ہے کہ جب احتجاج 9 جون کو ہونا تھا تو اس سے پہلے ہی حالات اس نہج تک کیوں پہنچے؟ آخر ایسی کیا ضرورت پیش آئی کہ لوگوں کو منتشر کرنے، گرفتار کرنے اور طاقت کے استعمال کی شکایات سامنے آئیں؟ مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات، فائرنگ اور جانی نقصان نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا۔ متعدد افراد کی شہادتوں اور زخمی ہونے کی اطلاعات نے کشمیری معاشرے کو ہلا کر رکھ دیا۔

عوامی حلقوں میں یہ احساس شدت اختیار کرتا جا رہا ہے کہ اگر لوگ اپنے بنیادی حقوق، مہنگائی، روزگار، صحت اور حکمرانی کے مسائل پر آواز بلند کر رہے تھے تو ان کی بات سننے کے بجائے حالات کو تصادم کی طرف کیوں جانے دیا گیا؟ کیا یہ بہتر نہ تھا کہ معاہدوں پر سنجیدگی سے عمل کیا جاتا، مذاکرات کا راستہ اپنایا جاتا اور معاملات کو بگاڑنے کے بجائے سلجھایا جاتا؟

کشمیری ہمیشہ محبت، عزت اور خلوص کی زبان سمجھتے آئے ہیں۔ مگر جب طاقت، سختی اور بے اعتمادی کا احساس بڑھتا ہے تو دلوں میں سوال بھی جنم لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بہت سے لوگ یہ کہنے پر مجبور دکھائی دیتے ہیں کہ وہ نعرہ، جسے برسوں کشمیریوں کے دلوں میں محبت اور عقیدت کے ساتھ جگہ ملی ہوئی تھی، اب پہلے جیسا اثر نہیں رکھتا۔ بہت سے لوگوں کے نزدیک یہ تبدیلی کسی بیرونی سازش کا نہیں بلکہ پالیسیوں، وعدہ خلافیوں اور زمینی حقائق کا نتیجہ ہے۔

یہ وقت الزام تراشی یا جذباتی نعروں کا نہیں بلکہ سنجیدہ غور وفکر کا ہے۔ اگر کشمیریوں کے دل جیتنے ہیں تو انہیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ انصاف، احترام، سیاسی دیانت، ترقی اور وعدوں کی تکمیل سے جیتا جا سکتا ہے۔ کیونکہ تاریخ یہی بتاتی ہے کہ قومیں طاقت سے نہیں، اعتماد سے جڑی رہتی ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

میرے لئے اداکاری سے بہتر کوئی اور پیشہ نہیں ہوسکتا: سجل علی

اداکاری کرتے ہوئے مجھے ایسے جذبات کو جاننے کا بھی موقع ملا

کراچی (این این آئی) اداکارہ سجل علی نے کہا ہے کہ اداکاری مجھے ذاتی آزادی کا احساس دلاتی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سجل علی نے حال ہی میں ایک میک اپ ماسٹر کلاس میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے اپنے شوبز کیریئر کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ میرے لیے اداکاری سے بہتر کوئی اور پیشہ ہو سکتا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ اداکاری کرتے ہوئے مجھے ایسے جذبات کو جاننے کا بھی موقع ملا جن کے اظہار کو اکثر سماجی توقعات کی وجہ سے محدود کر دیا جاتا ہے۔

صبا قمر جیسا سٹار پاکستان میں کوئی نہیں، نمرہ شاہد

بعض اداکارائیں چند بڑے پراجیکٹس ملنے کے بعد خود کو بڑا اسٹار سمجھنے لگتی ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نمرہ شاہد نے ساتھی اداکارہ صبا قمر کی صلاحیتوں اور سٹار پاور کی کھل کر تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں ان جیسا بڑا اسٹار شاذ و نادر ہی دکھائی دیتا ہے۔ ایک انٹرویو میں نمرہ شاہد نے کہا کہ صبا قمر نا صرف ایک باصلاحیت اداکارہ ہیں بلکہ ان کی شخصیت بھی انتہائی پروفیشنل اور عاجزانہ ہے۔ نمرہ شاہد کے مطابق میں نے انڈسٹری میں ایک دہائی سے زیادہ وقت گزارا ہے لیکن صبا قمر جیسا کوئی شخص نہیں دیکھا، ان میں کسی قسم کے نخرے یا غرور کا نام تک نہیں۔ اداکارہ نے بار بار اس بات پر زور دیا کہ صبا قمر کی کامیابی کے باوجود ان کا رویہ ہمیشہ نرم رہا ہے۔ جو انہیں دیگر فنکاروں سے مختلف بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صبا قمر کی اداکاری، اسٹار پاور اور عاجزی کا امتزاج انہیں انڈسٹری میں ایک خاص مقام دیتا ہے۔

غدر کی ریلیز کے بعد مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت ملی، امیشا پٹیل

بھارتی اداکارہ کی پاکستان میں شہرت اتنی نہیں جتنی وہ بیان کر رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ امیشا پٹیل نے کہا ہے کہ غدر کی ریلیز کے بعد مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت ملی۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں امیشا پٹیل نے کہا کہ فلم غدر کی ریلیز کے بعد مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت ملی، پاکستانی خواتین میرا فون نمبر تلاش کر کے مجھے کال کرتی تھیں اور بعض مداح جذباتی ہو کر گفتگو کرتے ہوئے روتی بھی تھیں۔ اداکارہ نے دعویٰ کیا کہ پاکستان میں بہت سے لوگوں نے میرے فلمی کردار سکینہ سے متاثر ہو کر اپنی بیٹیوں کا نام بھی سکینہ رکھا۔ اداکارہ اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر پاکستانی صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آئے۔ کئی صارفین نے کہا کہ امیشا پٹیل اپنی مقبولیت کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہی ہیں، جبکہ بعض نے کہا کہ پاکستان میں ان کی شہرت اتنی نہیں جتنی وہ بیان کر رہی ہیں۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا کہ بھارتی فلمیں یہاں طویل عرصے سے محدود یا بند رہی ہیں، اس لئے ایسے دعوے حقیقت سے مطابقت نہیں رکھتے۔

علی ظفر نے کینیڈا میں نیا ریکارڈ قائم کردیا

شائقین کی بڑی تعداد کی وجہ سے مجمع صرف سیلیبریشن اسکوائر تک محدود نہیں رہا

اوٹاوا (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار، اداکار اور موسیقار علی ظفر نے کینیڈا میں ایک تاریخی کانسرٹ کے دوران نیا ریکارڈ قائم کردیا۔ کینیڈا کے شہر مسی ساگا کے مشہور مقام سیلیبریشن اسکوائر میں ہونے والے اوپن ایئر کانسرٹ میں تقریباً 45 ہزار افراد نے شرکت کی جسے منتظمین نے اس مقام کی تاریخ کا سب سے بڑا میوزیکل اجتماع قرار دیا ہے۔ منتظمین کے مطابق شائقین کی بڑی تعداد کی وجہ سے مجمع صرف سیلیبریشن اسکوائر تک محدود نہیں رہا بلکہ اطراف کی سڑکوں اور قریبی سینٹر کے احاطے تک پھیل گیا۔ یہ کانسرٹ علی ظفر کے روشنی ٹور 2026 کے شمالی امریکا مرحلے کا اختتامی شو تھا، مفت اوپن ایئر پروگرام میں پاکستان، بھارت، بنگلا دیش اور جنوبی ایشیائی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے شرکت کی، بچوں، نوجوانوں، خاندانوں اور بزرگوں پر مشتمل متنوع مجمع نے پورے کانسرٹ کے دوران بھرپور جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ کانسرٹ کا یادگار ترین لمحہ اس وقت آیا جب علی ظفر نے اپنا مقبول گانا جھوم پیش کیا اور ہزاروں مداحوں نے اپنے موبائل فونز کی لائٹس روشن کر دیں جس سے پورا مقام روشنیوں کے سمندر میں تبدیل ہو گیا۔ بعد ازاں علی ظفر اسٹیج سے نیچے اتر کر مداحوں کے درمیان بھی گئے جس پر حاضرین نے زبردست جوش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب ایک انسانیت کا حصہ ہیں۔

ایک معمولی اور تفریحی گفتگو کو غیر ضروری طور پر تنازع بنا دیا گیا، علی سفینہ

میں اور میرب علی اچھے دوست ہیں اور ماضی میں ایک ساتھ کام بھی کر چکے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار، میزبان اور ماڈل علی سفینہ نے حال ہی میں عاصم اظہر اور میرب علی کی علیحدگی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر اپنا موقف بیان کیا ہے۔ حال ہی میں علی سفینہ نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شریک ہوئے جہاں میزبان نادیہ خان نے ان سے عاصم اظہر اور میرب علی کی علیحدگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ہونے والی بحث سے متعلق سوال کیا۔ نادیہ خان نے سوال کیا کہ کیا میرب علی کے ساتھ پوڈ کاسٹ میں ہونے والی گفتگو جس میں ہانیہ عامر کا ذکر آیا تھا، اس علیحدگی کی وجہ بنی؟ سوال کے جواب میں علی سفینہ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ میں اور میرب علی اچھے دوست ہیں اور ماضی میں ایک ساتھ کام بھی کر چکے ہیں، میں نے اسی دوستانہ ماحول میں ایک سوال کیا تھا جس کا جواب میرب نے بھی ہلکے پھلکے انداز میں دیا تھا۔ علی سفینہ کے مطابق اصل تنازع اس وقت پیدا ہوا جب ایک سوشل میڈیا صارف نے اس کلپ پر ویڈیو بنا کر معاملے کو اچھالا جس کے بعد سوشل میڈیا پر شدید بحث شروع ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے اس شخص کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور سوال اٹھایا کہ دوسروں کی ذاتی زندگی میں مداخلت کیوں کی جا رہی ہے، میرے خیال میں ایک معمولی اور تفریحی گفتگو کو غیر ضروری طور پر تنازع بنا دیا گیا جب کہ اس کا مقصد کسی کی ذاتی زندگی یا تعلقات پر تبصرہ کرنا نہیں تھا۔

عوامی اطلاع برائے وراثت

تمام متعلقہ افراد کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مرحوم علی محمد ولد محمد اسماعیل شناختی کارڈ نمبر: 71501-0292278-1 ساکن جعفر آباد، ڈاکخانہ خاص اشکھند اس تحصیل وضلع گلگت مورخہ 5 نومبر 2020 کو وفات پا گئے ہیں۔ مرحوم علی محمد کی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد کی وراثتی کارروائی مکمل کرنے کے لیے درج ذیل قانونی وارثان کا تعین کیا جا رہا ہے:

1۔ ادریس علی ولد علی محمد مرحوم (بیٹا)
2۔ انیس علی ولد علی محمد مرحوم۔ (بیٹا)
3۔ عشرت بتول ولد علی محمد مرحوم (بیٹی)
4۔ عظیمہ شاہین ولد علی محمد مرحوم (بیٹی)
5۔ شبنم بیگم ولد علی محمد مرحوم (بیٹی)
6۔ رضیہ بیگم ولد علی محمد مرحوم (بیٹی)
7۔ محمودہ بیگم زوجہ علی محمد مرحوم۔ (بیوہ)

اگر کسی شخص کو اس وراثت، وارثان یا جائیداد کے حوالے سے کوئی اعتراض، دعویٰ یا حق حاصل ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے 14 دن کے اندر اندر تحریری ثبوت کے ساتھ درج ذیل پتے پر رابطہ کرے، بصورت دیگر بعد ازاں کوئی اعتراض قابلِ قبول نہیں ہوگا اور کارروائی قانون کے مطابق مکمل کر دی جائے گی۔

المشتہر: ادریس علی ولد علی محمد۔ رابطہ نمبر: 03129115541
پتہ: جعفر آباد، ڈاکخانہ خاص اشکھند اس تحصیل وضلع گلگت

SPORTS سپورٹس

محمد یوسف بچوں کو بیٹنگ ٹپس دینے لگے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان محمد یوسف نے بچوں کو سکھانا شروع کر دیا اور اس سلسلے میں ایک اکیڈمی میں پہنچیں اور مختلف ایج گروپ میں بچوں کو بیٹنگ کی ٹپس دینا شروع کر دیں۔ اس موقع پر محمد یوسف نے کہا کہ بچوں کے ساتھ کام کر کے اچھا لگتا ہے، میں ان کی سنتا ہوں، وہ میری سنتے ہیں، بچوں کے ساتھ جتنا کام کیا جائے اتنا اچھا ہے، ان کی بنیاد پر کام ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کی بنیاد اچھی ہو گی تو وہ تینوں فارمیٹ میں کامیاب ہوں گے، آج کل جتنے بھی بڑے بیٹرز تینوں فارمیٹ میں کامیاب ہیں اس کی وجہ ان کی بنیاد ہے۔ محمد یوسف نے کہا کہ مختصر دورانیے کی کرکٹ میں بولرز کے لیے کچھ نہیں رہ گیا، آج کل بچے زیادہ تر بیٹنگ کی طرف آتے ہیں، ہر طرف چھکے لگ رہے ہوتے ہیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 250 اور 275 رنز آرام سے بن رہے ہیں، ون ڈے کرکٹ میں 350 رنز بن رہے ہیں، بیٹنگ کی طرف رجحان زیادہ ہے۔

فیفا ورلڈ کپ، ایران اور نیوزی لینڈ کا میچ دو دو گول سے ڈرا

اٹلانٹا (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ میں ایران اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ ڈرا ہو گیا۔ دونوں ٹیموں نے مقررہ وقت میں دو، دو گول اسکور کیے۔ ایران کی جانب سے گول رامین اور محمد محبی نے اسکور کیے، نیوزی لینڈ کے دونوں گول جس

بقیہ 1

بجٹ میں سب سے زیادہ ریلیف حاصل کرنے والوں میں شامل ہے، جو حکومت کی زرعی معیشت سے وابستگی کو ظاہر کرتا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب کا ترقیاتی بجٹ صرف کاغذی اعداد و شمار تک محدود نہیں بلکہ عملی طور پر زمین پر واضح نظر آ رہا ہے۔ صوبائی حکومت اپنے وسائل کے ذریعے تمام ترقیاتی منصوبے اسی رفتار سے جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر، ستھرا پنجاب، آسان کاروبار سمیت تمام بڑے فلاحی اور ترقیاتی منصوبے بھرپور انداز میں جاری رہیں گے۔ پنجاب میں الیکٹرک بسوں کا جال 147 تحصیلوں تک پھیلایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو جدید اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پنجاب میں ترقی اب صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں رہی بلکہ اٹک سے دہاڑی اور رحیم یار خان تک ترقیاتی ثمرات پہنچ چکے ہیں، اور صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے مختصر عرصے میں گزشتہ سالوں کی محرومیوں کا ازالہ کیا ہے، جس کے باعث عوامی اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ سیاسی شعبدہ بازی اور دھرنوں کی سیاست کے مقابلے میں خدمت کی سیاست کامیاب ہو چکی ہے، اور حکومت کی کارکردگی ہی اس کی اصل پہچان ہے۔

بقیہ 2

پر ٹیکس عائد نہیں کیا جانا چاہیے۔ فنانس بل میں جن الٹرا پروسیسڈ مصنوعات پر ٹیکس تجویز کیا گیا ہے ان میں چینی سے بنی مٹھائیاں (Sugar Confectionery)، شیر خوار بچوں کی فارمولا مصنوعات، ساسز اور مصالحہ جات، پیک شدہ پاستا اور نوڈلز، چپس اور سبزیوں سے تیار کردہ مصنوعات جیسے جام اور پیوری، نیز ریٹیل پیکنگ میں فروخت ہونے والی سبزیاں اور خوردنی تیل شامل ہیں۔ اتحاد نے اس فیصلے کو، جو فنانس بل کی منظوری سے مشروط ہے، ایک حوصلہ افزا پیش رفت قرار دیا، تاہم سفارش کی کہ وفاقی حکومت اس نوعیت کے فیصلے سائنسی شواہد کی بنیاد پر کرے۔ انہوں نے کہا کہ *NOVA* فوڈ کلاسیفکیشن سسٹم اور *عالمی ادارۂ صحت *(WHO) کی جانب سے نمک، چینی، ٹرانس فیٹس، سیچوریٹڈ فیٹس اور غیر شوگر مٹھاس پیدا کرنے والے اجزاء پر مبنی سفارشات ٹیکس کے تعین کے لیے مضبوط تکنیکی بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ اس طرزِ عمل سے نہ صرف حکومت کے لیے محصولات میں اضافہ ممکن ہوگا بلکہ عوامی صحت کے نمایاں فوائد بھی حاصل ہوں گے۔ اتحاد نے حکومت پر زور دیا کہ تمام میٹھے مشروبات، بشمول سافٹ ڈرنکس، پیک شدہ جوس، فلیورڈ دودھ، آئسڈ ٹی، کافی، اسکواشز اور سیرپس پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (FED) بڑھا کر 40 فیصد کی جائے، کیونکہ یہ مصنوعات پاکستان میں عوامی صحت کے بڑھتے ہوئے مسائل میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ پیک شدہ جوس، جن سے اکثر قدرتی فائبر نکال دیا جاتا ہے، جسم پر تقریباً وہی منفی اثرات مرتب کرتے ہیں جو چینی ملا مشروبات کرتے ہیں۔ ان کے نتیجے میں خون میں شکر کی مقدار تیزی سے بڑھتی ہے، جس سے ٹائپ ٹو ذیابیطس اور بچپن کے موٹاپے کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے اور عوامی صحت کے نظام پر مالی بوجھ بڑھ رہا ہے۔ *میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی *، معروف ماہر امراضِ قلب اور پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے صدر نے کہا کہ دل کی بیماریاں اور دیگر غیر متعدی امراض (NCDs) طرزِ زندگی سے وابستہ بیماریاں ہیں جن پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غذا صحت مند طرزِ زندگی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ الٹرا پروسیسڈ مصنوعات میں عموماً اضافی چینی، غیر صحت بخش چکنائیاں اور نمک زیادہ مقدار میں موجود ہوتے ہیں، جبکہ ان میں مصنوعی اجزاء شامل ہوتے ہیں اور غذائیت نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان مصنوعات کا زیادہ استعمال موٹاپے، ٹائپ ٹو ذیابیطس، دل کی بیماریوں، بلند فشارِ خون، بعض اقسام کے کینسر و دیگر غیر متعدی امراض سے مسلسل منسلک پایا گیا ہے۔ ان کے مطابق پاکستان پہلے ہی غیر متعدی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بحران کا سامنا کر رہا ہے، جہاں لاکھوں افراد ذیابیطس، دل کی بیماریوں اور موٹاپے سے متعلق امراض میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ الٹرا پروسیسڈ خوراک کی بڑھتی ہوئی دستیابی، کم قیمت اور جارحانہ تشہیری مہمات ملک بھر میں غیر صحت مند غذائی رجحانات کو فروغ دے رہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ *فنانس بل 27-2026 میں الٹرا پراسیسڈ فوڈز پر ٹیکس کے ذریعے یہ واضح پیغام دینا چاہیے کہ عوامی صحت کو تجارتی مفادات پر ترجیح دی جائے۔ انہوں نے پالیسی سازوں پر زور دیا کہ وہ الٹرا پروسیسڈ خوراک اور مشروبات کے استعمال میں کمی لانے کے لیے مالیاتی اور ضابطہ جاتی اقدامات کو مزید مضبوط بنائیں۔ *منور حسین *، ماہر صحت و غذائیت پالیسی نے کہا "تجارتی سطح پر مشروبات کی تیاری میں ملک کی مجموعی پھلوں کی پیداوار کا صرف ایک محدود حصہ استعمال ہوتا ہے۔ حقیقی زرعی معاونت غیر صحت بخش پیک شدہ جوس کے استعمال کو فروغ دینے سے حاصل نہیں ہوتی، جو مانع چینی کی زیادہ مقدار کے ذریعے دائمی بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔ اس کے برعکس، ٹیکس سے حاصل ہونے والی آمدن کو کسان دوست اقدامات، جیسے شمسی توانائی سے چلنے والے کولڈ چین اسٹوریج سسٹمز اور تازہ پھلوں کی براہِ راست منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے پر خرچ کیا جانا چاہیے، جس سے چھوٹے کاشتکاروں کی معاشی حالت بہتر ہو سکتی ہے۔" ثناء اللہ گھمن، جنرل سیکریٹری پناہ نے کہا کہ خوراک اور مشروبات کی صنعت سے وابستہ بعض عناصر پالیسی سازوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے فیصلہ سازوں پر زور دیا کہ وہ غیر صحت بخش جوس اور مشروبات کی مصنوعات کے لیے ٹیکس میں رعایت حاصل کرنے کی کوششوں سے ہوشیار رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑی مشروبات ساز کمپنیاں اکثر پھل انتہائی کم صنعتی نرخوں پر خریدتی ہیں، جس کے باعث چھوٹے کسانوں اور باغبانوں کی سودے بازی کی قوت محدود ہو جاتی ہے۔ ان کے مطابق جب ٹیکس کے اقدامات متعارف کروائے جاتے ہیں تو بعض صنعتی حلقے کسانوں کے مفادات کا جواز پیش کرتے ہوئے عوامی رائے پر اثر انداز ہونے اور غیر صحت بخش مصنوعات کے لیے ٹیکس میں نرمی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تجارتی مفادات اور حربوں کو بے نقاب کرنا ضروری ہے تاکہ عوامی صحت کے بہترین مفاد میں شواہد پر مبنی فیصلے کیے جا سکیں۔

بقیہ 3

مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اپنے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیاری ترقیاتی کاموں کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور گرین اٹکلیو I- بھی ادارے کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ٹیکنیکل، ڈائریکٹر جوائنٹ وینچر، متعلقہ پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹر ایڈمن اور گرین اٹکلیو I- کا تکنیکی عملہ بھی موجود تھا، جنہوں نے منصوبے کی موجودہ پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ہاؤسنگ اتھارٹی منصوبے کی جلد از جلد تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مختلف ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز رفتار بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں اور ادارہ اس امر کے لیے پُرعزم ہے کہ الاٹیز کو جلد از جلد مثبت پیش رفت سے آگاہ کیا جائے۔ معزز الاٹیز کو یقین دلایا گیا کہ آئندہ دو ماہ کے دوران منصوبے کے حوالے سے اہم پیش رفت اور خوش آئند پیش رفت کی توقع ہے، جس سے گرین اٹکلیو I- کی تکمیل اور آباد کاری کے عمل کو مزید تقویت ملے گی۔ وفد نے ڈائریکٹر جنرل کی جانب سے مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی، کھلے دل سے گفتگو اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے عزم کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ ادارے کی کاوشوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ ڈائریکٹر جنرل FGEHA نے وفد کو بارآور کروایا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اپنے الاٹیز کے اعتماد کو اپنی سب سے بڑی ذمہ داری سمجھتی ہے اور ان کے مفادات کے تحفظ، معیاری رہائشی سہولیات کی فراہمی اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 4

حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول کی قیمت فوری طور پر 225 روپے فی لیٹر کی جائے اور اسے تین سال کے لیے منجمد کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ دنیا بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں، جبکہ ایران امریکا معاہدے کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مزید کمی کا رجحان ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان میں بھی عوام کو فوری ریلیف ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول کی قیمت میں 10 یا 20 روپے کی کمی سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، حکومت کو فی لیٹر کم از کم 150 روپے تک کی کمی کر کے پٹرول 225 روپے پر لانا ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ مہنگے پٹرول نے ملک کی معیشت کو بھی متاثر کیا ہے اور غریب، متوسط طبقہ، طلبہ، مزدور، کسان اور بائیک رائیڈر سب شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ حکومت نے اپنی نااہلی چھپانے اور ٹیکس وصولی کے لیے اسی طبقے کو نشانہ بنایا ہے جو پہلے ہی مہنگائی کا بوجھ اٹھا رہا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ایک طالب علم جس کی کوئی قابل ٹیکس آمدنی نہیں، وہ پٹرول پر ٹیکس کیسے ادا کرے؟ ایک موٹر سائیکل چلانے والا جو پورے مہینے میں 40، 50 ہزار روپے کماتا ہے، اس سے بھی فی لیٹر بھاری ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے، جو ظلم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرول کے ہر لیٹر پر لیوی سمیت تقریباً 150 روپے ٹیکس وصول کر رہی ہے، جبکہ گزشتہ مالی سال میں بھی پٹرولیم لیوی کی مد میں 1700 ارب روپے جمع کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رقم غریب عوام، مزدوروں، کسانوں اور متوسط طبقے سے وصول کی جا رہی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت اپنی گاڑیوں، مراعات اور غیر ضروری اخراجات میں کمی کے بجائے عوام پر بوجھ ڈال رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم لیوی فوری ختم یا کم کی جائے، جبکہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے اعلان کیا کہ جماعت اسلامی جمعہ 19 جون کو ملک بھر کے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز پر مہنگائی اور پٹرول کی قیمتوں کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی۔ انہوں نے جماعت اسلامی کے کارکنوں، نوجوانوں اور عوام سے اپیل کی کہ احتجاج میں بھرپور شرکت کریں اور حکومت پر دباؤ ڈالیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے عوام کو ریلیف نہ دیا تو جماعت اسلامی چاروں صوبائی ہیڈکوارٹرز پر طویل دھرنوں کا اعلان کرے گی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اب فیصلہ کن وقت آ گیا ہے، حکومت کو عوام پر بوجھ ڈالنے کی پالیسی ختم کرنا ہوگی تاکہ معیشت کا پہیہ چل سکے، قمنتیں ترقی کر سکیں اور عام آدمی کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ 5

کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے کامیاب آپریشن پر جوانوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ ترجیح ہے۔

بقیہ 6

پنجاب کی جانب سے نافذ دفعہ 144 پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ یکم محرم الحرام پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں 30 ہزار سے زائد افسران و اہلکاروں نے جلوسوں اور مجالس کے سیکیورٹی فرائض سرانجام دیئے جبکہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 3 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ صوبہ بھر میں 96 عزاداری جلوس اور 3448 مجالس منعقد ہوئیں جبکہ لاہور میں یکم محرم الحرام کی مناسبت سے 10 عزاداری جلوس برآمد ہوئے اور 411 مجالس منعقد ہوئیں۔ صوبہ بھر میں مجالس اور عزاداری جلوسوں کے سیکیورٹی انتظامات میں 15 ہزار سے زائد کمیونٹی رضا کار بھی معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، نفرت آمیز مواد کی تشہیر اور اشتعال انگیزی پر سخت پابندی عائد ہے۔ طے شدہ روٹس اور مقامات کے علاوہ کسی بھی جگہ جلوس اور مجالس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سیف سٹیز اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کے کیمروں کی مدد سے تمام سرگرمیوں کی مکمل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، ٹریفک پولیس، ڈولفن سکواڈ، پیرو سمیت دیگر فیلڈ فارمیشنز محرم الحرام سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ لاؤڈ سپیکر ایکٹ کی پاسداری پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد کی تشہیر کے مرتکب قانون شکن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے مزید ہدایت کی کہ آر پی او ز، ڈی پی او ز منتظمین عزاداری جلوسوں و مجالس، کمیونٹی لیڈرز اور علما کرام سے مسلسل رابطے میں رہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع میں قائم کنٹرول رومز سنٹرل پولیس آفس کے مرکزی کنٹرول روم سے منسلک ہیں اور ہمہ وقت رابطے میں رہ کر سیکیورٹی صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں۔

بقیہ 7

ہے، یہ درخواست سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی جانب سے جمع کرائی گئی ہے۔ نیپرا میں درخواست کی سماعت 30 جون کو ہوگی۔ سی پی پی اے کے مطابق مئی میں فی یونٹ بجلی پر اوسط فیول لاگت 9 روپے 25 پیسے رہی، فی یونٹ فیول لاگت کا تخمینہ 8 روپے 43 پیسے تھا۔ ڈرافٹ کے مطابق درخواست منظور ہونے کی صورت میں صارفین پر 12 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 8

آف سیلز کے اہداف میں ناکامی کے بعد ریجنٹریشن کا طریقہ کار بدل دیا گیا ہے۔ ڈرافٹ کے مطابق سالانہ 20 کروڑ روپے سیل کرنے والے ریٹیلرز کیلئے ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز کی شرط ختم کر دی گئی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ بیلز ٹیکس تھرڈ شیڈول میں آٹھز کی پرائسز تھرڈ پارٹی یا ادارہ شماریات سے کرائے جائے اور بجٹ میں تمام کاروبار کیلئے ویلیو ایڈیشن پر آؤٹ پٹ کا 10 فیصد ایڈوانس ٹیکس لیا جائے۔ ایف بی آر حکام کے مطابق آؤٹ پٹ ٹیکس ویلیو ایڈیشن کے تحت کم سے کم ویلیو ایڈیشن پر اکٹھا ہوگا جبکہ کیش لیکویڈیٹی بہتر ہونے سے صوبوں کو این ایف سی شیئرز ٹرانسفر میں رکاوٹ نہیں ہو گی۔ فیصلہ کیا گیا کہ پورٹ پر ٹرمینل آپریٹرز کیجانب سے تاخیر پر جرمانہ 5 لاکھ سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کیا جائے، مشکوک یا نان کسٹم پیڈ گاڑی کو پولیس سے لیکر ایف بی آر کی کسٹڈی میں دے دی جائے گی، جبکہ کسٹمز کیسز میں سپیشل جج کو ملزم کے کیش اکاؤنٹ کے اثاثے منجمد کرنے کا اختیار ہوگا۔

بقیہ 9

میں آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال، پارٹی معاملات اور آئندہ کی سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ اجلاس میں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی اعلیٰ قیادت نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، پرویز رشید، امیر مقام، شاہ غلام قادر، مشتاق منہاس، افتخار گیلانی اور عبدالرحمان سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آزاد کشمیر کی مجموعی سیاسی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ پارٹی کی آئندہ حکمت عملی، تنظیمی معاملات اور سیاسی سرگرمیوں سے متعلق مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آزاد کشمیر کے مستقبل کے سیاسی لائحہ عمل کے حوالے سے اہم فیصلوں پر بھی مشاورت کی گئی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق اجلاس کا مقصد آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی تنظیمی فعالیت کو مزید موثر بنانا اور آئندہ سیاسی چیلنجز کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنا ہے۔

بقیہ 10

انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ نیا ہجری سال ہر سو خوشحالی و خوشیاں اور امن لائے، نیا ہجری سال پاکستان، پاکستانی قوم اور عالم اسلام کے لئے باعث رحمت و برکت ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ محرم الحرام ہمیں نواسہ رسول سیدنا امام حسینؓ کی عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے، سیدنا امام حسینؓ کا فلسفہ قربانی ہر دور کے مظلوم کو حوصلہ دیتا ہے اور ظالم کو للکارتا ہے، محرم الحرام میں اختلاف اور تفرقہ نہیں، تحمل و بردباری اپنائیں۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب میں محرم الحرام کے دوران امن و امان یقینی بنانے کیلئے غیر معمولی انتظامات اور سکیورٹی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 11

اور اس شعبے کا انتخاب برا بھی ہے۔ سابق وفاقی وزیر کی یہ پوسٹ جلد ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی اور صارفین کی جانب سے ان کی اس پوسٹ پر شدید تنقید کی جا رہی ہے، فواد چوہدری کی اس پوسٹ پر تنقید کرنے والوں میں سینئر صحافی حامد میر بھی شامل ہیں، انہوں نے لکھا کہ یہ صنفی تعصب ہے، کچھ مردوں کا خیال ہے کہ وہ فطری طور پر ذہانت، قابلیت یا اہمیت میں خواتین سے برتر ہیں، میں نے اسی قسم کے پاکستانی مردوں کو خواتین سفارت کاروں کے سامنے جھکتے دیکھا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے اس تنقید کا جواب دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ صنفی تعصب نہیں ہے، آپ نے میری بات کو سمجھے بغیر بیان دے دیا، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بہت سے اہل افراد کو اقتدار کے لالچ میں ٹیلنٹ ضائع کرنے کے بجائے سائنسدان یا کاروباری بننے کا انتخاب کرنا چاہیے۔ انہوں نے لکھا کہ پولیس والوں کو بہت زیادہ قابل ہونے کی ضرورت نہیں، زیادہ قابل لوگوں کو بے کار پیشوں کا انتخاب کرنے کی ترغیب دینا حماقت ہے۔

بقیہ 12

تھی جسے عدالت نے منظور کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی، تاہم فیصلے میں نابالغ بچوں کے حقوق کے حوالے سے اہم قانونی اصول بھی وضع کیے گئے۔ فیصلے کے مطابق فریقین کے درمیان ہونے والے سمجھوتے میں ماں نے نابالغ بچی کے نان نفقہ اور وراثتی حقوق سے دستبرداری اختیار کی تھی۔ سمجھوتے میں یہ شق بھی شامل تھی کہ بچی مستقبل میں والد سے کسی قسم کے نان نفقہ کا مطالبہ نہیں کرے گی اور اسے والد کی وراثت سے بھی محروم تصور کیا جائے گا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نابالغ بچے کا نان نفقہ باپ کی مسلسل قانونی، اخلاقی اور مذہبی ذمہ داری ہے۔ نان نفقہ کا حق بچے کا ذاتی حق ہے، ماں اس حق کی مالک نہیں بلکہ صرف سرپرست ہوتی ہے، اس لیے وہ نابالغ کے مستقبل کے نان نفقہ کے حق سے مستقل طور پر دستبردار نہیں ہو سکتی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ نابالغ کے مستقبل کے نان نفقہ سے دستبرداری کی کوئی بھی شق قانوناً غیر مؤثر ہوگی، جبکہ بچے کو نان نفقہ یا وراثت سے مستقل محروم کرنا آئین کے بھی منافی ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ والدین کی رضامندی کسی ایسے سمجھوتے کو قانونی حیثیت نہیں دے سکتی جو بچے کے مفاد کے خلاف ہو۔ لاہور ہائیکورٹ نے مزید قرار دیا کہ نابالغ کے مستقبل کے وراثتی حقوق ختم کرنے یا ترک کرنے کی ہر شق ابتدا سے ہی غیر قانونی تصور ہوگی اور ایسی شقیں مستقبل میں نابالغ کی جانب سے دائر کیے جانے والے کسی بھی دعوے کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکیں گی۔ عدالت نے فیملی کورٹس کو ہدایت کی کہ نابالغ بچوں سے متعلق کسی بھی سمجھوتے کو صرف والدین کی رضامندی کی بنیاد پر قبول نہ کیا جائے بلکہ ہر معاملے میں بچے کے بہترین مفاد، فلاح و بہبود اور قانونی حقوق کا تفصیلی جائزہ لیا جائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ بچے کے مفاد کے خلاف کسی بھی شق کو نہ تو عدالتی حکم کا حصہ بنایا جا سکتا ہے اور نہ ہی فیملی کورٹ اسے قبول کر سکتی ہے۔ عدالت نے زور دیا کہ فیملی، گارڈین اور سول عدالتیں نابالغوں کے حقوق کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ ہر عدالتی فیصلہ بچے کی فلاح و بہبود کے اصولوں کے مطابق ہو۔

بقیہ 13

اے کے مطابق بھارتی طیاروں (سول و فوجی) پر پابندی 16 جون شام 5 بجکر 50 منٹ سے 24 جولائی صبح 4 بجکر 59 منٹ تک ہوگی۔

بقیہ 14

ایچ کنسٹرکشن کمپنی کے خلاف تھانہ سندر میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ متوفی بچے کے والد کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی غفلت کے باعث اسکا پچہ موت کی آغوش میں چلا گیا۔ متوفی محمد حسن کی والدہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انکی 6 بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں جن میں ایک بیٹا وفات پا گیا ہے انکا کرائے کا گھر ہے خاوند عامر جمیل رنگ ساز پے جو محنت مزدوری کر کے خاندان کی کفالت کر رہا ہے ہمارا بیٹا چھن گیا ہے ضلعی انتظامیہ کی مبینہ غفلت سے میرا بیٹا موت کے منہ میں چلا گیا ہے۔ محلے داروں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ رائے ونڈ تحصیل میں مین ہول ڈھکن غائب ہونے کے واقعات میں اضافہ ہو چکا ہے

بقیہ 15

کفالت اور نان و نفقہ کی مکمل ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ جسٹس مزمل اختر شبیر نے عرفان سرفراز کی آئینی درخواست پر 10 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے ایپلیٹ کورٹ کے دائر اختیار کے خلاف درخواست کو خارج کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ درخواست گزار ماتحت عدالتوں کے فیصلوں میں کسی آئینی دائرہ اختیار کی خلاف ورزی ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ شواہد کا جائزہ لینا فیملی کورٹ کا دائرہ اختیار ہے اور یہ اختیار قانون کے مطابق درست طور پر استعمال کیا گیا، عدالت کے مطابق درخواست گزار نے مقف اختیار کیا کہ اس نے چار کنال زرعی زمین کے عوض چار لاکھ روپے ادا کیے، تاہم وہ اس ادائیگی کا کوئی قابل قبول شواہد پیش نہ کر سکا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ایک سمجھدار شخص یہ تسلیم نہیں کرے گا کہ اتنی بڑی رقم بغیر کسی رسید یا ثبوت کے ادا کی گئی ہو۔ مزید برآں درخواست گزار نے دو گواہوں کا ذکر کیا مگر انہیں عدالت میں پیش نہیں کیا، ریکارڈ کے مطابق درخواست گزار کی شادی 2015 میں ہوئی جبکہ خاتون نے 2016 میں حق مہر کے طور پر پانچ تولہ سونا، چار کنال زرعی زمین اور پانچ مرلہ مکان کا دعویٰ دائر کیا، ایپلیٹ کورٹ نے درخواست گزار کو چار کنال زرعی زمین اور پانچ تولہ سونا ادا کرنے کے ساتھ ساتھ جہیز کی مد میں تین لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالت نے یہ بھی نوٹ کیا کہ پانچ مرلہ پلاٹ کی ادائیگی سے متعلق دونوں فریقین کے وکلاء نے تصدیق کی، لہٰذا اس حد تک ماتحت عدالت کا فیصلہ درست قرار دیا گیا۔

بقیہ 16

کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے وکلاء برادری کے کردار کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ بار اور بنچ کے درمیان، بہتر رابطے اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر منسٹر پنجاب مریم اورنگزیب کی جانب سے مری بار ایسوسی ایشن کی عمارت کی تعمیر اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے 3 کروڑ روپے مالیت کا چیک مری بار ایسوسی ایشن کے نمائندگان کے حوالے کیا۔ وکلاء برادری نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور سینئر منسٹر پنجاب کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے اس مالی معاونت کو مری بار ایسوسی ایشن کے لیے ایک تاریخی اقدام قرار دیا۔ اس موقع پر اس امید کا اظہار بھی کیا گیا کہ اس فنڈ سے بار کی نئی عمارت اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی، جس سے نہ صرف وکلاء بلکہ سائلین بھی مستفید ہوں گے۔ مری بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے وکلاء برادری کی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ سہولیات کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور مستقبل میں بھی اسی طرح کے تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 17

نظر میں کوئی تقسیم نہیں، صوبے کے ہر شہر اور دیہات میں یکساں ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جبکہ صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے کہا ہے کہ پنجاب میں ایف بی آر کی طرز کا ادارہ قائم کر رہے ہیں جس کے تحت تمام ٹیکسز ایک ہی چھت تلے وصول کئے جائیں گے، پنجاب میں بعض ٹیکسز ایسے ہیں جن میں تیس سالوں سے اضافہ نہیں کیا گیا تھا، پنجاب میں ٹیکسز کی شرح اب بھی دوسروں صوبوں سے کم ہے، غریب آدمی کی موٹر سائیکل پر کوئی ٹیکس نہیں، ہزار سی سی گاڑی تک کوئی ٹیکس نہیں بڑھایا گیا ہے، بڑی کمرشل گاڑیوں کے ٹیکس بڑھائے گئے ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب اور صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے ایوان وزیر اعلیٰ میں پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری سمیت کابینہ کے دیگر اراکین اور مختلف محکموں کے سیکرٹریز بھی موجود تھے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب کا تیسرا بجٹ ہے، ڈھائی سال میں سارے پنجاب میں یکساں ترقی جاری رہی اور اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ پاکستان کو گزشتہ تین چار، ماہ میں سفارتی محاذ پر جو کامیابی حاصل ہوئی ہیں اس پر وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، اسلام آباد سے شروع ہونے والے امن مذاکرات اب مکمل ہونے جا رہے ہیں، اس میں اللہ پاک نے پاکستان کو سرخرو کیا۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال پنجاب میں تین دریاؤں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوئی اور یہ تاریخ کا بدترین سیلاب تھا لیکن اس مشکل ترین صورتحال میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قیادت کی، انہوں نے نہ صرف حالات کو مانیٹر کیا بلکہ لیڈ کیا اور اپنی ٹیم کی قیادت کرتے ہوئے فیلڈ میں نظر آئیں۔ اس دوران لاکھوں متاثرین کو ریسکیو، ری ہیبلی ٹیشن اور ریلیف مہیا کیا گیا، یہ سب کچھ پنجاب نے اپنے وسائل سے کیا۔ ایران امریکہ جنگ میں پیٹرول کی صورتحال پیدا ہوئی تو پنجاب نے سبسڈی کیلئے سب سے زیادہ حصہ ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کو تمام صوبوں نے فنانشل گرانٹ دی، یہاں بھی وزیر اعلیٰ پنجاب نے 546 ارب روپے دے کر سب سے زیادہ حصہ ڈالا اور وفاق کو مضبوط کرنے کی کوشش کی جسے تاریخ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب کے ڈھائی سال کے ترقیاتی منصوبے دیکھے جائیں تو صوبے کے لئے سالانہ ترقیاتی بجٹ کو کاٹنا مشکل مرحلہ تھا، وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبے کے اپنے وسائل بڑھانے پر توجہ مرکوز کی، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے منصوبوں کے ذریعے اس گیپ کو پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف محکمہ

ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کی زیر صدارت اہم اجلاس

جاری ترقیاتی منصوبوں، ہاؤسنگ سیکٹر سے متعلق امور، انتظامی معاملات، پولیس فورس کی فلاح و بہبود کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ

پیشہ ورانہ معیار، میرٹ اور ادارہ جاتی شفافیت کو ہر صورت مقدم رکھنے اور پولیس افسران اور ان کے اہل خانہ کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے جاری ترقیاتی منصوبوں، ہاؤسنگ سیکٹر سے متعلق امور، انتظامی معاملات اور پولیس فورس کی فلاح و بہبود کیلئے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن نے افسران کو تمام منصوبوں میں پیشہ ورانہ معیار، میرٹ اور ادارہ جاتی شفافیت کو ہر صورت مقدم رکھنے اور پولیس افسران اور ان کے اہل خانہ کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے احکامات جاری (بقیہ نمبر 29)

اے آئی جی آپریشنز سعود خان کی ایجنسی ایشیئیٹو پولیس اسٹیشنز (SIPS) کے کانٹریکٹرز کے ساتھ ایک اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس

اسلام آباد (این ای این) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس، اجلاس میں ڈی آئی جی اسلام آباد، ایس ایس پی لاجسٹکس، ایس ایس پی پرزنز اور اکاؤنٹ آفیسر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیس فورس کے انتظامی و مالیاتی امور، لاجسٹک سپورٹ کے لیے بجٹ کی فراہمی اور جیل خانہ جات کے فنڈز کا تفصیلی (بقیہ نمبر 31)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

2 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون، 3 سٹیپلائزر اور رقم 8 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (این ای این) تھانہ آر اے بازار پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار، 2 مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون، 3 سٹیپلائزر اور رقم 8 ہزار روپے برآمد، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے (بقیہ نمبر 30)

تھانہ آر اے بازار پولیس کی کارروائی میں برآمد ہونے والی موٹر سائیکلیں

5 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 27 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ بنی، گنجنڈی اور صدر بیرونی کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

برطانوی پارلیمنٹ میں بھی پاکستان تشکر کی گونج

امریکا ایران جنگ بندی کیلئے پاکستانی ثالثی کے کردار کو سراہا گیا

لندن (این این آئی) برطانوی پارلیمنٹ میں پاکستان کی تعریف کی گونج سنائی دی، ایوان بالا میں امریکا ایران جنگ بندی کے لیے پاکستانی ثالثی کے کردار کو سراہا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لارڈ احمد نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ ایوان میں موجود وزیر سمیت تمام اراکین پاکستان کے اہم کردار کو تسلیم کریں گے۔ بیرونس چیپ مین نے کہا کہ (بقیہ نمبر 32)

چوری و نقب زنی کی واردات میں ملوث شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے چوری و نقب زنی کی واردات میں ملوث شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری و نقب زنی کی واردات میں ملوث شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے مسروقہ ویلڈنگ پلانٹ برآمد ہوا، زیر حراست شخص نے گھر کا تالا توڑ کر چوری کی واردات کی تھی، (بقیہ نمبر 34)

آڈیو لیک کیس میں علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

علی امین نے عدالت کے سامنے سرنڈر کر دیا ہے اور وہ عدالت کے رحم و کرم پر ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سیشن عدالت نے آڈیو لیک کیس میں سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ منسوخ کر دیے۔ اسلام آباد کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جاوید اقبال سپرا نے علی امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیک کیس میں جاری وارنٹ سے متعلق سماعت کی۔ سماعت کے دوران وکیل صفائی نے کہا کہ صرف ایک سماعت پر (بقیہ نمبر 33)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران اور ہونڈا اور سوزوکی کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

محرم الحرام کے لئے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات

7000 سے زائد پولیس افسران و اہلکار اور ٹریفک پولیس کے 1100 سے زائد اہلکار فرائض سرانجام دیں گے

ہوسٹل، ہوٹل، سرائے ایس او پیز کے خلاف کسی شخص کو نہیں ٹھہرائیں گے، سوشل میڈیا کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات پر محرم الحرام کے لئے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات، 7000 سے زائد پولیس افسران و اہلکار اور ٹریفک پولیس کے 1100 سے زائد اہلکار فرائض سرانجام دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات پر محرم الحرام کے لئے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی (بقیہ نمبر 35)

جعلی کرنسی، شناختی کارڈ، ڈگریاں بنانے والا گروہ گرفتار

ملزمان پاکستانی اور غیر ملکی کرنسی تیار کر کے مختلف اضلاع اور بیرون ملک سپلائی کرتے تھے

لاہور (این این آئی) باپ بیٹے سمیت جعلی کرنسی، شناختی کارڈز، ڈگریاں اور سرکاری دستاویزات بنانے والا گروہ پکڑا گیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے جعلسازی کے منظم نیٹ ورک کے 4 کارندے گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ ملزمان جعلی کرنسی، شناختی کارڈ، تعلیمی ڈگریاں اور سرکاری دستاویزات تیاری میں ملوث پائے گئے۔ پولیس نے جعلسازی کے لیے قائم فیکٹری نما سیٹ اپ پکڑ کر بھاری مقدار میں (بقیہ نمبر 36)

21 اشتہاری سمیت 31 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 21 اشتہاری سمیت 31 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے (بقیہ نمبر 37)

مون سون بارشوں اور سیلاب سے متعدی امراض پھیلنے کا خدشہ

بارشوں میں ہیضہ ٹائیفائیڈ، ملیریا اور ڈینگی پھیلنے کا خدشہ ہے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث مختلف متعدی امراض کے پھیلنے کے خدشے کے پیش نظر قومی ادارہ صحت نے ملک بھر میں الرٹ جاری کر دیا۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق بارشوں میں ہیضہ ٹائیفائیڈ، ملیریا اور ڈینگی پھیلنے کا خدشہ ہے، بارشوں کا پانی جمع ہونے سے ملیریا یا ڈینگی کا مرض پھیل سکتا ہے۔ قومی ادارہ صحت نے صوبائی حکومتوں اور ضلعی انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کر دی، بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 38)

میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے پراپرٹی ٹیکس وصولی نوٹسز معطل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے پراپرٹی ٹیکس وصولی کے لیے جاری نوٹسز معطل کر دیے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے ای 11 کے رہائشیوں کی درخواست پر نوٹس معطل کیے۔ رہائشیوں احمد حسن رانا اور محمد منیر احمد چوہدری نے پراپرٹی ٹیکس نوٹسز کو چیلنج کیا تھا۔ عدالت عالیہ نے وفاق کو بذریعہ سیکریٹری داخلہ و سیکریٹری کابینہ ڈویژن کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کیا ہے۔ میٹرو پولیٹن کارپوریشن اسلام آباد اور سی ڈی اے (بقیہ نمبر 39)

چکوال واقعہ پر وزیر اعلیٰ کو رپورٹ پیش کر دی گئی

سی سی ڈی کے سربراہ (آج) پریس کانفرنس کریں گے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ چکوال واقعہ کی رپورٹ پیش کر دی گئی ہے جس میں اسے ایک حادثہ قرار دیا گیا ہے۔ سی سی ڈی کے سربراہ سہیل چٹھہ آج جمعرات کے روز اس پر پریس کانفرنس بھی کریں گے۔ ایوان وزیر اعلیٰ میں پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کے دوران مریم اورنگزیب نے بتایا کہ واقعہ کے فوری بعد (بقیہ نمبر 40)

ہیوی ٹریفک بے لگام، چوآ سیدن شاہ سے کٹاس روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار

ہائی وے اتھارٹی ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس فوری نوٹس لیں ہائی پاس موجود پھر بھی چوآ سیدن شاہ تا کٹاس روڈ پر ڈمپر راج شہریوں کی جانیں داؤ پر لگ گئیں

چوآ سیدن شاہ تا کٹاس روڈ کی تعمیراتی معیار کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے عوام کو بتایا جائے، مطالبہ

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ میں صبح سویرے اور شام ڈھلے بالخصوص مغرب کے اوقات میں سیمنٹ فیکٹریوں اور کوئلہ مائنز سے وابستہ ٹرکوں ڈمپروں اور دیگر ہیوی ٹریفک کی شہر کے اندر سے انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ بلا روک ٹوک آمد و رفت شہریوں کے لیے مسلسل خوف اور تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔ بائی پاس روڈ کی موجودگی کے باوجود کٹاس سے چوآ سیدن شاہ اور چوآ سیدن شاہ سے کٹاس کی جانب ہیوی ٹریفک کا شہر کے اندر سے گزرنا معمول بن چکا ہے جو نہ صرف ٹریفک قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے بلکہ سڑک (بقیہ نمبر 41)

ستھرا پنجاب گاڑی، موٹر سائیکل کے تصادم میں ایک شخص جاں بحق

لاہور (این این آئی) فیروز پور روڈ پر رحمت پارک اسٹاپ کے قریب ستھرا پنجاب کی گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں عارف علی ولد غلام قادر سکنہ رحمت پارک موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ دوسرے شخص کو شدید زخمی حالت میں فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ایل ڈبلیو ایم سی کی گاڑی مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت کے (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، محرم الحرام کے مقدس مہینے کے پیش نظر سیف سٹی میں قائم کردہ کنٹرول روم سے بروقت اور فوری کمیونیکیشن کا سلسلہ جاری ہے

نیٹ میٹرنگ صارفین کی بلنگ کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا

8 فروری تک زیر التواء کیسز کے حل کیلئے نیا آن لائن پورٹل متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، حکام

موصول ہونے والی دستاویزات کی بنیاد پر صارفین کو نیٹ میٹرنگ پالیسی کے مطابق بلنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) سولر صارفین کے کنکشنز پر نیٹ میٹرنگ معاہدوں کے برعکس بلنگ کیے جانے کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ نے 8 فروری تک زیر التواء کیسز کے حل کیلئے نیا آن لائن پورٹل متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے، پورٹل کے تحت تمام دفاتر سے ٹھوس شواہد کیساتھ دستاویزات وصول کی جائیں گی۔ حکام کے مطابق موصول ہونے والی دستاویزات کی بنیاد پر صارفین کو نیٹ میٹرنگ پالیسی کے مطابق بلنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ گزشتہ ماہ آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ کی مبینہ (بقیہ نمبر 50)

کندھ کوٹ میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، مظاہرے کی نعرے بازی

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ: شہر میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ اور غیر اعلانیہ بجلی بندش کے خلاف مختلف سیاسی سماجی اور مذہبی تنظیموں کی جانب سے کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جبکہ بجلی کی طویل بندش کے خلاف شدید نعرے بازی بھی کی گئی مظاہرین (بقیہ نمبر 43)

صفائی کے بہانے جیولر شاپ میں چوری کرنے والا ملزم گرفتار

مسروقہ چاندی کی 27 انگوٹھیاں 2 بریسلٹ اور رقم 15 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے صفائی کے بہانے جیولر شاپ میں چوری کرنے والا ملزم گرفتار کر کے مسروقہ چاندی کی 27 انگوٹھیاں 2 بریسلٹ اور رقم 15 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے صفائی کے بہانے جیولر شاپ میں چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست فرد سے مسروقہ چاندی کی 27 انگوٹھیاں 2 بریسلٹ اور رقم 15 ہزار روپے برآمد ہوئی، (بقیہ نمبر 44)

وارث خان پولیس کی کارروائی کے دوران برآمد ہونے والا مال مسروقہ

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

13 مشکوک افراد، 21 موٹر سائیکل تھانہ منتقل کی گئیں

513 افراد، 249 گھرانوں، 52 ہوٹلوں، 90 دکانیں کی چیکنگ

سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 13 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 513 افراد، 249 گھرانوں، 52 ہوٹلوں، 90 دکانیں، 198 موٹر سائیکلوں اور 88 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ (بقیہ نمبر 45)

کشمور پولیس اور سندھ رینجرز کا مشترکہ فلیگ مارچ

محرم الحرام کے دوران تمام قانون نافذ کرنیوالے ادارے ہائی الرٹ ہیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) یکم محرم الحرام کے موقع پر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، عوام میں احساس تحفظ پیدا کرنے اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ضلع کشمور پولیس اور سندھ رینجرز کی جانب سے مشترکہ فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ فلیگ مارچ کی قیادت سینئر پولیس و رینجرز افسران نے کی، جبکہ پولیس، سندھ رینجرز، ایلیٹ فورس، ریپڈ رسپانس فورس، مددگار پولیس کے اہلکاروں نے شرکت کی فلیگ مارچ ضلع کے اہم (بقیہ نمبر 46)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر عباس مہدی کنٹرول روم افسران کو تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں

سول لائنس کے علاقہ میں امام بارگاہ کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ

مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی جائے گی، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (این ای این) ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا سول لائنز کے علاقہ میں امام بارگاہ کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ، مجالس/جلوس میں داخل ہونے والے افراد کو واک تھرو گیٹ اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی جائے گی، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ تمام مجالس/جلوس کو بر مطابق ایس او پی اپنے مقررہ وقت اور راستوں سے ہوتے ہوئے شروع اور ختم کیا جائے، محرم الحرام میں امن و امان کی فضا (بقیہ نمبر 47)

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان سول لائنز کے علاقہ میں امام بارگاہ کی سکیورٹی ڈیوٹی کی چیکنگ کر رہے ہیں

مبینہ اغوا کے مقدمے میں نامزد دو ملزمان کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد محمد نزیر اور محمد اسماعیل کی عبوری ضمانت کنفرم کر دی

گوجر خان (قمر شہزاد) ایڈیشنل سیشن جج گوجر خان محترمہ راحیلہ عمر کی عدالت نے مبینہ اغوا کے مقدمے میں نامزد دو ملزمان کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی میں گذشتہ ماہ 25 مئی کو درج کیے گئے مقدمہ نمبر 198/26 بجرم 365-B کے تحت ملزمان محمد نزیر اور محمد اسماعیل پر مدعی مقدمہ کی بیٹی کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ بدھ کے روز ہونے والی سماعت کے دوران ملزمان کی جانب سے نوجوان اور نامور فوجداری قانون دان ملک وقار فیض ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 48)

آئی جی اسلام آباد کی ریٹائرڈ ایس پی اسرار احمد آرائیں سے ملاقات

مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے یادگاری شیلڈ پیش

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ریٹائرڈ ہونے والے ایس پی اسرار احمد آرائیں سے ملاقات کی جس میں آئی جی نے ایس پی اسرار احمد آرائیں کی اسلام آباد کے شہریوں اور ادارے کے لئے سروسز کو خراج تحسین پیش کیا اور مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے یادگاری شیلڈ پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس میں طویل (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

اے آئی جی آپریشنز سعود خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

اسلام آباد (این ای این) اے آئی جی آپریشنز سعود خان کی زیر صدارت ایشیئیٹو پولیس اسٹیشنز (SIPS) کے کانٹریکٹرز کے ساتھ ایک اہم جائزہ اجلاس، اجلاس میں تھانوں کی اپ گریڈیشن، جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر اور ترقیاتی کاموں کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اے آئی جی آپریشنز نے تمام کانٹریکٹرز کو کام کی بروقت تکمیل اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

ایس پی سکیورٹی اصغر گورائیہ جامعہ تعلیم القرآن کی انتظامیہ سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس پی سکیورٹی اصغر گورائیہ کا جامعہ تعلیم القرآن کا دورہ

محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہماری اولین ذمہ داری ہے

راولپنڈی (این ای این) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس پی سیکورٹی اصغر گورائیہ کا جامعہ تعلیم القرآن کا دورہ، ڈی ایس پی سٹی، ایس ایچ او ز سٹی و گنجنڈی بھی ہمراہ تھے، ایس پی سیکورٹی نے جامعہ تعلیم القرآن کی انتظامیہ سے ملاقات کی، محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہماری اولین ذمہ داری ہے، تمام مسالک کے علماء و اکابرین (بقیہ نمبر 52)

طلال چوہدری اور اپوزیشن اراکین کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اجلاس کے دوران ایک مرتبہ پھر حکومتی اور اپوزیشن اراکین کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ بدھ کو وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا اپوزیشن اراکین کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اگر بحث چل رہی ہے تو اس میں شور شرابا اپوزیشن نے کیا، ہمارے رکن کی تقریر میں شور کیا جائے گا تو ہم بھی بولنے نہیں دیں گے۔ وزیر مملکت کے ریمارکس کے بعد تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، اس دوران عامر مگسی نے اسپیکر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اسپیکر بات بڑھ گئی ہے اسے روکا (بقیہ نمبر 51)

ملک بھر میں بجلی کے بل کا نیا اور آسان فارمیٹ متعارف

نئے بل میں قابل ادائیگی رقم، آخری تاریخ اور یونٹس کی تفصیل نمایاں ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں بجلی کے بل کا نیا اور آسان فارمیٹ متعارف کروا دیا گیا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق نئے بل میں قابل ادائیگی رقم، آخری تاریخ اور یونٹس کی تفصیل نمایاں ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پرانے بل کے فارمیٹ پر صارفین کی شکایات موصول ہو رہی تھیں، صارفین کی آرا اور شکایات کی بنیاد پر بل کا فارمیٹ از سر نو ڈیزائن کیا گیا جس کے بعد نئے بل میں غیر ضروری معلومات اور پیچیدگی کم کر دی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 53)

سرگودھا افسران محرم الحرام کے دوران فیلڈ میں رہیں، شعیب مرزا

وال چاکنگ، اشتعال انگیز مواد اور نفرت انگیز سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے، سرچ اور کومبنگ آپریشنز بھی جاری رکھے جائیں

امن و امان کے لئے پاک فوج کی 2 اور رینجرز ایک کمپنی 6 محرم سے فرائض سنبھالیں گئیں، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب

ایس پی ہیڈ کوارٹرز پری گل ترین محرم الحرام کے حوالے سے اہم میٹنگ کر رہی ہیں

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی شعیب مرزا نے محرم انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ افسران محرم الحرام کے دوران فیلڈ میں رہیں جس میں کسی غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا جبکہ امن و امان کے لئے پاک فوج کی دو اور رینجرز ایک کمپنی 6 محرم سے فرائض سنبھالیں گئیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے معاون خصوصی برائے اسپیکشن ٹیم شعیب مرزا نے سرگودھا آمد پر محرم الحرام کے دوران امن و امان، سکیورٹی، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے افسران (بقیہ نمبر 54)

محرم الحرام کے حوالے سے اہم میٹنگ کا انعقاد

مجالس و جلوس کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے، ایس پی ہیڈ کوارٹر پری گل ترین

اسلام آباد (این ای این) ایس پی ہیڈ کوارٹرز پری گل ترین نے محرم الحرام کے حوالے سے اہم میٹنگ کا انعقاد کیا، دوران میٹنگ فیلڈ اسٹاف کے لیے بہترین لاجسٹک سپورٹ، جدید آلات کی فراہمی اور انتظامی امور کو حتمی شکل دی گئی۔ پولیس انتظامیہ شہریوں (بقیہ نمبر 55)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر عباس مہدی کی کنٹرول روم افسران کو تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (این ای این) اسسٹنٹ ڈائریکٹر عباس مہدی کی کنٹرول روم افسران کو تفصیلی بریفنگ، بریفنگ میں محرم الحرام کے مقدس ایام میں سیکیورٹی اور امن کو یقینی بنانے کیلئے کمیونیکیشن کے تسلسل کو برقرار رکھنے، 24/7 الرٹ رہنے، مشکوک سرگرمی کی فوری شناخت و رپورٹنگ، کیمرہ جات کے ذریعے مؤثر سرویلنس، ضلع بھر کے افسران کو حالات و واقعات سے گاہے بگاہے آگاہ رکھنے، ٹریفک کی مؤثر روانی بحال رکھنے اور ایمرجنسی صورتحال میں بروقت ریسپانس کرنیوالے تمام اداروں کے ساتھ بہترین کوآرڈینیشن سمیت دیگر اہم امور کی ادائیگی کیلئے مناسب ہدایات جاری کیں۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی فوری دادرسی کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہریوں میں شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لئے اپنی شکایات پیش کیں۔ ایس ایس (بقیہ نمبر 56)

ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

سائلین کی شکایات کا بروقت حل ہماری اولین ترجیح ہے، ایس پی سٹی زون

اسلام آباد (این ای این) آپکی شکایات کا بروقت حل ہماری اولین ترجیح، اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے لئے اقدامات کئے۔

9 سالہ حانیہ عدیل کی پوسٹ مارٹم رپورٹ منظر عام پر آ گئی

چکوال سی سی ڈی فائرنگ میں جاں بحق 9 سالہ حانیہ عدیل کی پوسٹ مارٹم رپورٹ، متعدد گولیاں لگنے کی تصدیق

چکوال: سی سی ڈی فائرنگ کا المناک انجام، جسم پر 11 زخموں کے نشانات اہم شواہد پولیس کے حوالے

چکوال (خاور شہزاد) چکوال سی سی ڈی فائرنگ کے دوران جاں بحق ہونے والی 9 سالہ حانیہ عدیل کی پوسٹ مارٹم رپورٹ منظر عام پر آ گئی ہے، جس کے مطابق معصوم بچی کی موت متعدد گولیاں لگنے سے ہونے والے شدید زخموں اور غیر معمولی خون بہنے کے باعث واقع ہوئی۔ میڈیکو لیگل رپورٹ کے مطابق بچی کے جسم پر مجموعی طور پر 11 زخموں اور گولیوں کے نشانات پائے گئے، جبکہ دائیں چھاتی، پیٹ ران اور بائیں کہنی پر گولیوں کے داخل اور خارج ہونے کے گہرے زخم موجود (بقیہ نمبر 57)

کنسٹرکشن کمپنیوں سے ایک ہی بار فائنل ٹیکس لیا جائے، سینیٹر عبدالقادر

کنسٹرکشن کمپنیاں 20، 25 سال فائنل ٹیکس رجیم میں تھیں، قائمہ کمیٹی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے روبرو سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کنسٹرکشن کمپنیوں سے ایک ہی بار فائنل ٹیکس لیا جائے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں فنانس بل پر حتمی سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی ممبر سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ کنسٹرکشن کمپنیاں 20، 25 سال فائنل ٹیکس رجیم میں تھیں، اب آپ کہتے ہیں اس پر آئی ایم ایف والے نہیں م